اردو ماہنامہ

سائنس

نئی دہلی

83
دسمبر 2000
ISSN-0971-5711



قصہ ایڈز کا

Rs. 15/-

اپیل

آپ بخوبی واقف ہیں کہ ماہنامہ "سائنس" ایک علمی اور اصلاحی تحریک کا نام ہے۔ ہم علم و آگہی کی شمع کو گھر گھر لے جانا چاہتے ہیں تاکہ ناواقفیت، غلط فہمی اور گمراہی کا اندھیرا دور ہو۔ ہمارا ہر فرد ایک مکمل انسان ہو جس کا قلب علم سے منور، ذہن کشادہ اور حوصلہ بلند ہو۔

تاہم آپ شاید واقف نہ ہوں کہ اس تحریک کو نہ تو کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے سے کوئی مدد حاصل ہے اور نہ ہی کوئی ٹرسٹ یا سرمایہ دار اس کی پشت پر ہے۔ نیک نیتی حوصلہ اور اللہ پر بھروسہ ہی ہمارا اثاثہ ہے۔

تمام ہمدردان ملت اور علم دوست حضرات سے ہماری درخواست ہے کہ وہ اس کار خیر میں ہماری مدد کریں اور ثواب دارین حاصل کریں۔ ہمیں اس تحریک کو مزید فروغ دینے اور ہر ضرورت مند تک اسے لے جانے کے لیے مالی تعاون کی شدید ضرورت ہے اور ساتھ ہی یقین ہے کہ انشاء اللہ وہ سبھی حضرات جنھیں للہ نے اپنے فضل سے نوازا ہے، ہماری مدد کے واسطے آگے آئیں گے۔

درخواست ہے کہ زر تعاون چیک یا ڈرافٹ کی شکل میں ہی بھیجیں جو کہ اردو سائنس ماہنامہ (URDU SCIENCE MONTHLY) کے نام ہو۔

الملتمس

محمد اسلم پرویز

(مدیر اعزازی)

سائنس

اردو ماہنامہ

نئی دہلی

83

جلد نمبر (7) دسمبر 2000 شمارہ نمبر (12)

ایڈیٹر : ڈاکٹر محمد اسلم پرویز

مجلس ادارت:

پروفیسر آل احمد سرور
ڈاکٹر شمس الاسلام فاروقی
عبداللہ ولی بخش قادری
ڈاکٹر شعیب عبداللہ
مبارک کاپڑی (مہاراشٹر)
عبدالودود انصاری (مغربی بنگال)
آفتاب احمد

مجلس مشاورت:

ڈاکٹر عبدالمعز شمس (مکہ مکرمہ)
ڈاکٹر عابد معز (ریاض)
سید شاہد علی (لندن)
ڈاکٹر لئیق محمد خاں (امریکہ)
ڈاکٹر مسعود اختر (امریکہ)
جناب امتیاز صدیقی (جدہ)

سرکولیشن انچارج: محمد خیر اللہ (علیگ) سرورق: جاوید اشرف

قیمت فی شمارہ 15 روپے

برائے غیر ممالک:

5 ریال (سعودی)	(ہوائی ڈاک سے)
5 درہم (یو۔اے۔ای)	60 ریال / درہم
2 ڈالر (امریکی)	24 ڈالر (امریکی)
1 پاؤنڈ	12 پاؤنڈ

سالانہ: (سادہ ڈاک سے)	**اعانت تاعمر:**
150 روپے (انفرادی)	2000 روپے
160 روپے (اداراتی)	350 ڈالر (امریکی)
320 روپے (بذریعہ رجسٹری)	200 پاؤنڈ

فون / فیکس : 692-4366 (رات 8 تا 10 بجے صرف)
ای میل پتہ : parvaiz@ndf.vsnl.net.in
خط و کتابت : 665/12 ذاکر نگر نئی دہلی۔110025

اس دائرے میں سرخ نشان کا مطلب ہے کہ آپ کا زر سالانہ ختم ہوگیا ہے

ہندوستان کا پہلا سائنسی اور معلوماتی ماہنامہ
انجمن فروغ سائنس کے نظریات کا ترجمان

ترتیب

پیغام 2
ڈائجسٹ 3
قرآن اور تعمیر سائنس .... ڈاکٹر عبدالباری 3
قصہ ایڈز کا .... آفتاب احمد 7
روزہ اور فاقہ .... زبیر وحید 17
سائنس کی دین .... اظہار اثر 19
حاملہ عورتوں کا غذا .... پروفیسر متین فاطمہ 22
بچوں میں نظم و ضبط .... ڈاکٹر جاوید انور 24
بلیک ہول .... ڈاکٹر مظفر الدین فاروقی 26
املی .... گوہر اسلام خاں 28
لائٹ ہاؤس 31
مکھیئے برا عظم .... محمد رشید الرحمٰن 31
مصنوعی منطق .... آفتاب احمد 33
پروفیشنل مینجمنٹ .... راشد نعمانی 36
روشنی کی باتیں .... فیضان اللہ خاں 39
گیس لائٹر کیسے جلاتا ہے .... سید اختر علی 41
پرندہ کوئز .... عبدالودود انصاری 42
الجھ گئے .... آفتاب احمد 44
کلوش 47
انٹرنیٹ کیا ہے .... خورشید احمد 47
بجلی کا بلب .... سیف الرحمٰن 49
ردعمل .... قارئین 50
انڈیکس .... رفیع احمد 51

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پیغام

راقم السطور کو اردو ماہنامہ "سائنس" کے چند شمارے دیکھ کر، جو محترمی ڈاکٹر محمد اسلم پرویز صاحب کی ادارت میں نئی دہلی سے نکلتا ہے، اور جس کے مشیر اردو کے مشہور ادیب و نقاد اور صاحب طرز انشاء پرداز پروفیسر آل احمد سرور ہیں اور ممبران میں متعدد ماہرین فن اور صاحب نظر فضلاء ہیں، دیکھ کر مسرت حاصل ہوئی۔ مقالات پر نظر ڈالی تو وہ فنی قدر و قیمت اور فکر و مطالعہ کا نتیجہ ہونے کے ساتھ عام زندگی اور ماحول اور زندگی کے حقائق و ضروریات سے تعلق رکھتے ہیں، حقیقتاً اردو صحافت، علمی و ادبی رسائل اور جدید مطبوعات میں سائنس کے تعلق رکھنے والے، اس کے بارے میں صحیح معلومات دینے والے اور مطالعہ اور معلومات و تحقیق کا ذوق رکھنے والے رسالے کی کمی تھی۔ یہ ایک بڑا خلاء تھا جس کا پُر کرنا اہل فن، ماہرین خصوصی بلکہ تمدنی و ثقافتی ضرورتوں اور اردو دانوں میں حقیقت پسندی، زندگی اور کائنات کی وسعت، حقائق و اسرار اور حقیقتاً آیات الٰہی سے واقف ہونے کا شوق پیدا کرنے کی بناء پر ضرورت تھی، کہ قرآن مجید خود اس کی طرف توجہ دلاتا اور دعوت دیتا ہے، قرآن مجید کی آیت ہے:

سنریہم ایاتنا فی الآفاق وفی انفسہم حتیٰ یتبین لہم انہ الحق الم یکف بربک انہ علیٰ کل شئی شہیدا (سورہ حٰم السجدہ :53)

ہم عنقریب ان کو اپنی نشانیاں دکھائیں گے۔ اطراف عالم میں، اور خود ان کی جانوں اور طبیعتوں میں یہاں تک کہ ان پر واضح ہو جائے گا کہ وہ حق ہے، کیا تمہارے رب کے لیے یہ کافی نہیں کہ وہ ہر چیز پر گواہ ہے۔

انہی تعلیمات، مطالعہ قرآن اور اسلام کے علم و فکر کی ترغیب اور ہمت افزائی نے مطالعہ کائنات اور علمی و تحقیقی اکتشافات، بلکہ ایجادات اور ترقیات کے غیر مختتم سلسلہ پر مسلمانوں کو آمادہ کیا اور انھوں نے (خاص طور پر) اندلس (اسپین) کے عہد زریں میں ایسے کارنامہ انجام دیئے اور ان حقائق کا انکشاف کیا جن سے خود یورپ کے متعدد منصف مزاج اور جری مورخین مصنفین نے (جن میں 'تمدن عرب' کا مصنف گستاولی لیبان خاص طور پر قابل ذکر ہے) اعتراف اور اظہار کیا۔

بناء بریں ہماری خواہش اور دعا ہے کہ یہ سنجیدہ اور مفید، فکر انگیز اور نظر افروز کام جاری رہے، اور اس کے ذریعے سے حقائق دینی اور اسرار قرآنی کی بھی تائید اور اثبات کا کام لیا جائے۔ واللہ ہو ولی التوفیق

سیّد ابوالحسن علی ندویؒ

ڈائجسٹ

قرآن اور تعمیر سائنس

ڈاکٹر عبدالباری، سیوان

آج سے تین چار سو سال قبل اگر اس طرح کا مضمون سامنے آتا تو شاید قارئین کو حیرت و تعجب نہیں ہوتا مگر آج جبکہ ہمارے سامنے سائنس کا نام آتے ہی سروں پر مغرب کا جن سوار ہو جاتا ہے اس پس منظر میں یہ مضمون کچھ عجیب سا لگتا ہے۔ مگر یہ بھی سچ ہے کہ ادھر چار پانچ دہائیوں سے دوبارہ اسلامی نقطۂ نظر سے احیائے سائنس کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے اور اسلامی بلاک میں اس کی کوشش بھی شروع کی گئی ہے تو اس پردہ کو ہٹانے کی کوشش بھی ہورہی ہے جو مغرب کی مرعوبیت کے نام سے ہمارے ذہنوں پر چھایا ہوا ہے۔ فی زمانہ مسلم آبادی کا نناوے فیصد پڑھا لکھا طبقہ قرآن کے ساتھ سائنس کا لفظ دیکھتے ہی اپنے کانوں تک ہاتھ لے جاتا ہے کہ نابابا قرآن سے سائنس کا کیا رشتہ۔ نہ تو قرآن سائنس کی تعلیم دیتا ہے اور نہ ہی اسے دنیاداری سے کوئی واسطہ۔ سائنس تو مادّی دنیا کی چیز ہے اور قرآن کو مادّی دنیا سے کیا لینادینا وغیرہ وغیرہ۔ ان کی نگاہ دوربین میں تو قرآنی تعلیمات یہ ہے کہ ہزار دانے کی تسبیح لے کر کسی مروجہ خانقاہ میں بیٹھ کر اللہ ہو، کا نعرہ بلند کرتے رہیں۔ اللہ ہمارے تمام مسائل کو حل کردے گا۔ امریکہ کے سپرسونک جیٹ بمباروں میں ہماری "ہو" کیڑے ڈال دے گی۔ حالانکہ تاریخ شاہد ہے کہ دعاؤں سے توپوں میں کیڑے نہیں پڑتے۔ میدان کارزار میں توپوں کے جواب توپ سے ہی دینے ہوں گے پھر اللہ کی نصرت کی امید کرسکتے ہیں۔

حقیقت تو یہ ہے کہ قرآن حکیم اللہ کاقول ہے اور یہ کائنات اللہ کا فعل۔ یہ ممکن ہی نہیں کہ قول وفعل میں کوئی رشتہ نہ ہو۔ فعل اگر قول کی صداقت نہیں کرتا تو پھر فعل فعل مطلوب نہیں ہوتا۔ سچائی یہ ہے کہ خدا خالق کائنات کی حیثیت سے اپنی صفات کے ذریعہ کائنات میں جلوہ گر ہے اور یہ کائنات خدا کی صفات کی ایک مرئی شکل ہے۔

کیا یہ سچ ہے کہ مادّے آیات الٰہی نہیں ہیں؟ کیا قرآن نے کائنات کے ذرّہ ذرّہ کو آیات الٰہی نہیں کہا ہے؟ کیا قرآن نے جوگیوں اور راہبوں کا دین پیش کیا ہے؟ نہیں بالکل نہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ قرآن حکیم اللہ کا قول ہے اور یہ کائنات اللہ کا فعل۔ یہ ممکن ہی نہیں کہ قول و فعل میں کوئی رشتہ نہ ہو۔ فعل اگر قول کی صداقت نہیں کرتا تو پھر فعل فعل مطلوب نہیں ہوتا۔ سچائی یہ ہے کہ خدا خالق کائنات کی حیثیت سے اپنی صفات کے ذریعہ کائنات میں جلوہ گر ہے اور یہ کائنات خدا کی صفات کی ایک مرئی شکل ہے۔

اللہ نے قرآن حکیم میں فرمایا ہے:

"اللہ کی تسبیح کی ہے ہر اس چیز نے جو آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہ غالب اور حکیم ہے۔ اے لوگو! جو ایمان لائے ہو تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں۔ اللہ کے نزدیک یہ سخت ناپسندیدہ حرکت ہے کہ تم کہو وہ بات جو کرتے نہیں

ہو۔"(الصف 1-3)

مذکورہ بالا آیات یہ بتاتی ہیں کہ زمین و آسمان میں موجود تمام اشیاء زبان حال وزبان قال سے اللہ کے قول و فعل کی تسبیح کرتی ہیں اور یہ ثابت کرتی ہیں کہ قول و فعل میں کوئی تضاد نہیں ہے بال برابر بھی فرق نہیں ہے۔ آپ قرآن پڑھیں اور کائنات کا مشاہدہ کریں آپ کو نظر آئے گا کہ ہر کوئی ذرّہ قوانین الٰہی کی پیروی کر رہا ہے اور وہ ایک لمحہ کے لیے بھی غافل نہیں ہے اور نہ وہ ان قوانین الٰہی سے انحراف کرتا ہے۔ اگر وہ تسبیح الٰہی سے ایک لمحہ بھی غافل ہو جائے یا باغی ہو کر انحراف کرے تو نظام کائنات بگڑ جائے۔ خشکی وتری میں فساد برپا ہو جائے۔ دنیا تباہ و برباد ہو جائے۔ آدمی کا وجود ختم ہو جائے۔ زندگی معطل ہو جائے۔

قرآن حکیم کیا فرماتا ہے

آیئے چند آیتوں کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔

● زمین کو اس نے سب مخلوقات کے لیے مسخر کر دیا ہے (الرحمٰن۔10)

● وہ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے سمندر کو مسخر کر دیا تاکہ اس کے حکم سے کشتیاں اس میں چلیں اور تم اس کا فضل تلاش کرو اور شکر گزار بنو۔ اس نے زمین و آسمان کی ساری چیزیں تمہارے لیے مسخر کر دی ہیں۔ سب کچھ اپنے پاس سے۔ ان میں بڑی نشانیاں ہیں ان کے لیے جو غور و فکر کرتے ہیں (الجاثیہ 12-13)

قرآن نے اپنے ماننے والوں کو کائنات فہمی کی جس انداز میں پُرزور اپیل کی ہے دنیا کی کسی کتاب نے نہیں کی۔ اس نقطۂ نظر سے یہ دنیا کی واحد کتاب ہے۔ اگر چہ قرآن مجید کا مرکزی مضمون توحید، رسالت وآخرت کے گرد گھومتا ہے پھر بھی وہ اپنے ماننے والوں سے کسی اندھی عقیدت کا مطالبہ نہیں کرتا بلکہ آگے بڑھ کر یہ مطالبہ کرتا ہے کہ مجھ (قرآن حکیم سے) وہی لوگ فیضیاب ہوسکتے ہیں جو میری آیات پر غوروفکر کرتے ہیں

● زمین و آسمان کی پیدائش میں اور رات و دن کے باری باری سے آنے میں ان ہوشمندوں کے لیے نشانیاں ہیں جو اٹھتے بیٹھتے اور لیٹتے ہر حال میں خدا کو یاد کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی ساخت میں غور و فکر کرتے ہیں۔ (وہ بے اختیار بول اٹھتے ہیں) پروردگار تو نے یہ سب فضول و بے مقصد نہیں بنایا تو پاک ہے اس سے کہ عبث کام کرے۔ پس اے رب ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔ (آل عمران 190-191)

● وہی ہے جس نے یہ زمین پھیلا رکھی ہے۔ اس میں پہاڑوں کے کھونٹے گاڑ دیے ہیں اور دریا بہائے ہیں۔ اس نے ہر طرح کے پھلوں کے جوڑے پیدا کیے اور وہی دن پر رات کو طاری کرتا ہے۔ ان ساری چیزوں میں بڑی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو غور و فکر سے کام لیتے ہیں۔ اور دیکھو زمین میں الگ الگ خطے پائے جاتے ہیں جو ایک دوسرے سے متصل واقع ہیں۔ انگور کے باغ، کھیتیاں، کھجور کے درخت ہیں جن میں کچھ اکہرے ہیں اور کچھ دوہرے۔ سب کو ایک ہی پانی سیراب کرتا ہے مگر مزے میں ہم کسی کو بہتر بناتے ہیں اور کسی کو کمتر۔ ان سب چیزوں میں بہت سی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو

عقل سے کام لیتے ہیں(الرعد3-4)

● وہ اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں کو ایسے سہاروں کے بغیر قائم کیا جو تم کو نظر آتے ہوں پھر وہ اپنے تخت سلطنت پر جلوہ فرما ہوا۔ اس نے آفتاب وماہتاب کو ایک قانون کا پابند بنایا۔ اس سارے نظام (کائنات) کی ہر چیز ایک وقت مقررہ تک چل رہی ہے اور اللہ ہی اس کی تدبیر کررہا ہے۔(الرعد۔1)

● ہم نے زمین کو پھیلایا اس میں پہاڑ جمائے۔اس میں ہر نوع کی نباتات ٹھیک ٹھیک مقدار کے ساتھ اگائی اور اس میں معیشت کے اسباب فراہم کیے۔ تمہارے لیے بھی اور ان بہت سے مخلوقات کے لیے بھی جن کے رازق تم نہیں ہو(الحجر19-20)

● اور تمہارے مویشیوں میں بھی ایک سبق موجود ہے ان کے پیٹ سے گوبر اور خون کے درمیان ہم ایک چیز تمہیں پلاتے ہیں یعنی خالص دودھ جو پینے والوں کے لیے نہایت خوشگوار ہے۔(النحل66)

● یقین کرنے والوں کے لیے روئے زمین پر خدا کی ہستی اور صفات کے بہت سے نشانات ہیں اور تمہارے نفوس میں بھی کیا تم کو سوجھتا نہیں۔(الذاریات20-21)

● یقیناً رات اور دن کے الٹ پھیر میں اور ہر اس چیز میں جو اللہ نے زمین و آسمان میں پیدا کی ہیں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو غلط بینی وغلط کاری سے بچنا چاہتے ہیں(یونس6)وغیرہ وغیرہ۔

آپ قرآن حکیم کا مطالعہ کریں تو اس طرح کی آیتیں قرآن میں بھری ملیں گی۔ قرآن کی کل چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ آیات ہیں جن میں لگ بھگ سات سو چھپن آیات یعنی قرآن کا ساتواں حصہ آیات الٰہی میں غور وفکر کی پُرزور دعوت دیتا ہے جبکہ دیگر عبادات جیسے روزہ، نماز، زکوٰۃ، حج وغیرہ کے بارے میں صرف ڈیڑھ سو آیات ہیں۔ میں اپنے ان دوستوں سے جنھوں نے قرآن کی جگہ قصے کہانیوں کی کتاب کو پکڑرکھا ہے ساتھ ہی دین کو مسجد تک محدود کرنے کی پُرزور مہم چلا رکھی ہے، مؤدبانہ گزارش کروں گا کہ آنکھیں کھول کر دیکھیں۔ ذرا قرآن حکیم کا تجزیہ کریں پھر وہ اپنا جائزہ لیں کہ جن چیزوں (ارکان) کو قرآن نے دین بتایا وہ چیزیں ہمارے یہاں کیا مقام اختیار کرچکی ہیں۔ نماز، روزہ، وغیرہ کا دین میں کیا مقام ہے؟ کیا وہ صرف مقصود الٰہی ہے یا اللہ رب العالمین ان ارکان کے ذریعہ ہمیں کسی مقصد عظیم کے لیے تیار کرنا

بقول امام غزالیؒ ”حقیقی معرفت الٰہی تو مخلوقات الٰہی کے بارے میں غور وفکر سے ہی حاصل کی جاسکتی ہے۔“

چاہتا ہے؟ کیا وہ ان اعمال کے ذریعہ ہماری تربیت کرکے ہم کو کائنات کو مسخر کرنے کا اہل بنانا چاہتا ہے۔ کیا وہ ارکان ہمیں خلافت ارضی کا اہل بنانے کی مشین ہے۔

ہماری ترجمانی اس موقع پر غالب کا یہ شعر کرتا ہے:

ادائے خاص سے غالب ہوا ہے نکتہ سرا
صلاء عام ہے یاران نقطہ داں کے لیے

بہرحال اللہ ہماری رہنمائی فرمائے اور ہمیں توفیق دے کہ دین میں جس بات کا جو مقام ہو اس سے نہ ہی کم ہو نہ ہی زیادہ۔

قرآن نے اپنے ماننے والوں کو کائنات فہمی کی جس انداز میں پُرزور اپیل کی ہے دنیا کی کسی کتاب نے نہیں کی۔ اس نقطۂ نظر سے یہ دنیا کی واحد کتاب ہے۔ اگرچہ قرآن مجید کا مرکزی مضمون توحید، رسالت وآخرت کے گرد گھومتا ہے پھر بھی وہ اپنے ماننے والوں سے کسی اندھی عقیدت کا مطالبہ نہیں کرتا بلکہ آگے بڑھ کر یہ مطالبہ کرتا ہے کہ مجھ (قرآن حکیم سے) وہی لوگ فیضیاب ہوسکتے ہیں جو میری آیات پر

غور وفکر کرتے ہیں۔ جو اندھے اور بہرے بن کر میری آیات پر نہیں پڑتے ہیں۔ چند آیات ملاحظہ ہوں۔

☆اور بیشک ہم بہت سے ایسے جنوں اور انسانوں کو جہنم کی طرف ہانک دیں گے جن کے دل ہیں مگر وہ ان سے سوچتے نہیں۔ آنکھیں ہیں مگر ان سے دیکھتے نہیں۔ کان ہیں مگر ان سے سنتے نہیں۔ وہ چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گئے گزرے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو غفلت میں کھوگئے ہیں (الاعراف۔179)

☆اور کیا ان لوگوں نے یہ منظر کبھی نہیں دیکھا کہ ہم ایک بے آب وگیاہ زمین کی طرف پانی بہالاتے ہیں اور پھر اسی زمین سے وہ فصل اُگاتے ہیں جس سے ان کے جانور کو بھی چارہ ملتا ہے اور یہ خود بھی کھاتے ہیں۔ تو کیا انہیں کچھ نہیں سوجھتا (السجدہ27)

☆ان لوگوں کے لیے بے جان زمین ایک نشانی ہے۔ ہم نے اس کو زندگی بخشی اور اس سے غلہ نکالا جسے یہ کھاتے ہیں۔ ہم نے اس میں کھجور وانگور کے باغ پیدا کیے اور اس کے اندر چشمے پھوڑ نکالے تا کہ اس کا پھل کھائیں۔ (یٰس 24)

☆ عنقریب ہم ان کو اپنی نشانیاں آفاق میں بھی دکھائیں گے اور ان کے اپنے نفس میں بھی یہاں تک کہ ان پر یہ بات کھل جائے کہ یہ قرآن واقعی برحق ہے (سجدہ۔53)

☆زمین و آسمان میں کتنے ہی نشانات ایسے ہیں کہ یہ ان سے گزرتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں (اور ان پر غور وفکر نہیں کرتے)۔

مختصراً اس طرح کی بہت سی آیات قرآن حکیم میں بھری پڑی ہیں جن سے یہ پتہ چلتا ہے کہ کائنات کی موجودات پر غور وفکر ترک کر دینا اس سے پہلے کہ اس کی حقیقت پوری طرح آشکارا ہو جائے مومن کے شایان شان نہیں بلکہ وہ کائنات سے اعراض ہے۔ قرآن حکیم مسلمانوں کو یہ حکم دیتا ہے کہ موجودات کائنات میں سے اگر کوئی شئے جسے مومن اپنی نوٹس میں لیتا ہے اسے نظر انداز نہ کرے بلکہ اس کے مشاہدے ومطالعے کا حق ادا کرے اور مطالعہ کا حق یہ ہے کہ ایک مومن اس کی حقیقت سے پوری طرح سے آگاہ ہو جائے اور اس کے اندر خدا نے جو حکمتیں بھر دی ہیں اس سے واقف ہونے کی پوری پوری کوشش کرے اور جب تک اس شئے کی حقیقت پوری طرح جان نہ جائے وہ اپنی تحقیق ومشاہدہ جاری رکھے۔ حضور اکرم ﷺ نے بھی اُمت کو یہ دعا سکھائی کہ خدا ہم کو صداقت بطور صداقت کے دکھا اور اس کی پیروی کرنے کی توفیق عطا کر اور جھوٹ بطور جھوٹ کے دکھا اور اس سے بچنے کی توفیق عطا فرما۔ اے خدا ہمیں اشیاء کو اسی طرح دکھا جیسی کہ وہ در حقیقت ہیں۔

حضور ﷺ کی یہ دعا مذکورہ بالا آیات کی ہی طرح سائنسی طریقہ تحقیق کی راہ دکھاتی ہے ساتھ ہی یہ بھی سکھاتی ہے کہ کسی تحقیق کا نتیجہ اخذ کرتے وقت پوری سچائی وایمانداری کا ثبوت دینا چاہئے۔

قرآن حکیم اَفَلَا یَعْقِلُوْنَ، اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ، اَفَلَا تَتَفَکَّرُوْنَ وغیرہ وغیرہ کے تازیانے لگالگا کر اپنے ماننے والوں کی عقل کو بیدار رکھنے کا اہتمام کرتا ہے۔ بقول امام غزالیؒ "حقیقی معرفت الٰہی تو مخلوقات الٰہی کے بارے میں غور وفکر سے ہی حاصل کی جاسکتی ہے۔" علامہ اقبال کے نزدیک ایک سائنسداں کی جستجو اور تحقیق وتفتیش عبادت ہی ہے۔ بشر طیکہ وہ اپنی تحقیق وجستجو سے معرفت الٰہی حاصل کرے۔ جارج سارٹن کے مطابق مسلمانوں کے دور عروج میں سائنس نے بے انتہاء ترقی کی۔ سارٹن نے ساتویں صدی سے لے کر سترھویں صدی تک کو مسلم سائنسدانوں کی صدی کہا ہے۔

(باقی آئندہ)



قصّہ ایڈز کا

آفتاب احمد نئی دهلی

ہر سو میں سے ایک ہندوستانی "ایچ آئی وی" مثبت (Positive) ہے اور یہ بیان سرکاری تصدیق شدہ ہے۔ یعنی ہر سو میں سے ایک آدمی میں ایڈز سرایت کر چکا ہے۔ اس سے زیادہ چونکا دینے والی بات اور کیا ہو سکتی ہے۔ آج ایڈز عفریت بن کر ہمارے دروازے پر دستک دے رہا ہے۔ ہر شخص، خاص و عام کی زبان پر آج اسی بیماری کا نام ہے اور اب یہ صورت حال دہشت کی شکل اختیار کرتی جا رہی ہے۔ جون 1998ء تک کے اعداد و شمار کے مطابق ہندوستان میں جن 33,29,240 افراد کو چیک کیا گیا ان میں سے 77,881 افراد ایچ آئی وی مثبت پائے گئے۔ ان میں 6,059 افراد ایسے تھے جن میں ایڈز پوری طرح پھیل چکا تھا۔ ایڈز کے ان مریضوں میں مردوں کی تعداد 4,777 (78.8%) اور عورتوں کی تعداد 1228 (21.2%) تھی۔ عالمی ادارہ صحت (WHO) کے مطابق 1998ء میں ایڈز کے مریضوں کی تعداد 50 لاکھ تھی اور یہ تعداد اگلے دس سالوں میں 5 کروڑ سے تجاوز کر جائے گی۔

ایڈز (AIDS) کیا ہے؟

ایڈز (AIDS) دراصل "اکوائرڈ امیونو ڈیفی شی اینسی سنڈروم" (Acquired Immuno Deficiency Syndrome) کا مخفف ہے۔ یہ ایک ایسی بیماری ہے جس میں جسم کا دفاعی نظام ناکارہ ہو جاتا ہے اور جسم چھوٹی سے چھوٹی بیماری سے بھی لڑنے کے قابل نہیں رہتا۔ یہ بیماری ایک خاص وائرس (Retrovirus) کے ذریعہ پھیلتی ہے جسے عرف عام میں "ایچ آئی وی" (HIV=Human Immunodeficiency Virus) کہا جاتا ہے۔

ایڈز کی تاریخ

لاس اینجلس (امریکہ) کے نزدیک کام کرنے والے ڈاکٹر گوٹ لِب نے جب 1981ء میں صرف تین مہینوں کے اندر نیوموسسٹس نمونیا (Pneumocystis Pneumonia) سے متاثر تین ہم جنس پرست مردوں کے دفاعی نظام میں زبردست کمزوری پائی تھی تب شاید وہ بھی یہ نہیں جانتے ہوں گے کہ اس صدی کے آخر تک دنیا کے ساڑھے چار کروڑ لوگ اس بیماری سے متاثر ہو چکے ہوں گے۔

جیسا کہ ہم نے اوپر بیان کیا، سب سے پہلے چند ہم جنس پرستوں اور ہیروئن جیسے نشے کے عادی لوگوں میں اس بیماری کو پایا گیا۔ جب امریکہ میں ہم جنس پرست افراد کی اموات کی رفتار کافی تیز ہو گئی تو وہاں انھوں نے کافی واویلا مچانا شروع کیا۔ اس وقت امریکہ کے صدر رونالڈ ریگن تھے۔ ریگن کی انتظامیہ میں مارگریٹ ہیکلر ہیلتھ سکریٹری تھیں۔ انھوں نے سائنسداں رابرٹ گیلو اور ان کے ساتھیوں کو اُن اموات کے اسباب کی تحقیق کا ذمہ دیا۔ 1984ء میں گیلو نے اس بیماری کے اسباب کا پتہ لگا کر اس کا سبب ایچ آئی وی کو قرار دیا۔ لیکن ایڈز کے ذمہ دار وائرس کی کھوج کا سہرا پیرس کے پاسچر انسٹی ٹیوٹ کے ڈاکٹر لک مانٹیگنیر، بیرے سنوسی اور ان کے ساتھیوں کے سر ہے۔ 1983ء میں انھوں نے ایڈز کے لیے ذمہ دار اس وائرس کی کھوج کی۔

رابرٹ گیلو اور لک مانٹی گینیر نے اس وائرس کا نام الگ الگ رکھا لیکن انٹرنیشنل کمیٹی نے ان دونوں کے درمیان وائرس کی ملکیت کے جھگڑے کو نمٹانے کے لیے اسے "ایچ آئی وی" (HIV) کا نام دے دیا۔ 130x200 نینو (10^{-9}) میٹر

سائز کا ریٹرووائریڈی (Retroviridae) گروہ سے تعلق رکھنے والا یہ وائرس آج دنیا میں دہشت کی علامت بن چکا ہے۔ ریٹروائرسوں اور موقع پرست متعدی امراض پر 31/جنوری سے 4/فروری 1999ء تک ہونے والی بین الاقوامی کانفرنس میں اس وائرس کے پھیلنے کی وجہ اور اس کا منبع ایک افریقی چمپانزی "پین ٹروگلوڈائٹس" (Pan trogloditis) کو قرار دیا گیا ہے۔ اس سے وائرس کے پھیلنے کی وجہ اس کے ذریعہ انسانوں کو کاٹنے یا اس کے ذریعہ لگی مختلف چوٹیں ہیں۔

امریکی ماہرین اس مفروضے کو بنیاد بنا کر امریکہ میں ایڈز کے پھیلنے کا ایک دلچسپ سبب بیان کرتے ہیں۔ ان کے مطابق یہ وائرس سب سے پہلے زائرے میں پائے جانے والے لال منہ والے بندروں (Rhesus Monkeys) میں پایا گیا۔ زائرے میں بہت سارے امریکی کام کرتے ہیں اور وہ غیر فطری جنس پرستی کے حامل ہیں، ان میں سے چند مزدوروں کے ان بندروں سے جنسی تعلقات قائم کرنے سے یہ مزدور بھی ایڈز کے وائرس سے متاثر ہو گئے۔ ان مزدوروں میں کئی نشہ کے عادی اور ہم جنس پرست تھے جس کی وجہ سے یہ بیماری دوسرے اور لوگوں میں منتقل ہو گئی۔ امریکہ واپسی پر ان مزدوروں کے جنسی تعلقات دیگر لوگوں کے ساتھ بھی ہوئے چونکہ امریکہ کا معاشرہ کافی کھلا ہوا ہے اور وہاں جنسی بے راہ روی کو برا نہیں سمجھا جاتا اس لیے یہ وائرس تیزی سے امریکہ میں پھیلتا گیا۔

لیکن کئی ماہرین اور سائنسداں اس مفروضے کو تسلیم نہیں کرتے اور اسے امریکی پروپیگنڈہ سے تعبیر کرتے ہیں۔ اس موضوع پر ہم آگے تفصیل سے گفتگو کریں گے۔

ایڈز خطرناک کیسے ہے؟

نیوموسٹس نمونیا، ہرپیز جوسٹر، ہیری لیکو پلکیا اور کینڈیڈیسس وغیرہ کچھ ایسے موقع پرست متعدی امراض ہیں جو ایک صحت مند آدمی میں نہیں پنپ سکتے ہیں۔ لیکن جیسے ہی کسی شخص کا جسمانی دفاعی نظام کمزور ہو جاتا ہے یہ امراض اس پر حاوی ہو جاتے ہیں۔ جب کوئی شخص ایڈز سے متاثر ہوتا ہے تو اس کا دفاعی نظام کمزور سے کمزور ترین ہوتے ہوتے ایک مقام پر بالکل ہی ختم ہو جاتا ہے۔ ایڈز کے مریضوں میں اکثر بیشتر یہ ساری بیماریاں بسیرا کر لیتی ہیں۔

ایڈز سے متاثر شخص کی جسمانی رطوبتوں (Fluids) کا کسی دوسرے صحت مند شخص کے جسم میں پہنچنے پر متعلقہ شخص بھی ایڈز سے متاثر ہو جاتا ہے۔ اس کے مختلف ذرائع ہو سکتے ہیں: متاثرہ شخص سے جنسی تعلق قائم کرنے سے، اس کے خون کے ٹرانسفیوزن کے ذریعہ، اس کے ذریعہ استعمال کیے گئے سرنج یا کسی اور اوزار کے استعمال کرنے سے جس سے جسم میں زخم بن سکتا ہو۔

جب کوئی شخص ایچ آئی وی سے متاثر ہوتا ہے تو سب سے پہلے یہ وائرس انسانی خون میں داخل ہو کر ٹی۔4 ہیلپر لمفوسائٹ (T4 helperlymphhocytes) میں پائی جانے والی سی ڈی۔4 (CD=Cluster Differentiation-4) نامی کیمیائی مادے میں پوشیدہ طور پر تین سے چھ ہفتوں تک خاموش پڑا رہتا ہے۔ ٹی۔4 خلیے خون کے سفید ذرات کا حصہ ہیں۔ یہی خلیے ہمارے جسم کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔ اگر سفید خون کے سفید ذرات کسی وجہ سے کم پڑ جائیں تو ہمارا دفاعی نظام کمزور ہو جائے گا اور ہم چھوٹی سے چھوٹی بیماری سے لڑنے کے قابل نہیں رہیں گے۔ ایڈز کے لیے ذمہ دار وائرس انہی خلیوں پر حملہ کر کے انہیں تباہ کر دیتے ہیں۔

ایڈز کے لیے ذمہ دار وائرس یا ایچ آئی وی کا یہ حملہ تین ادوار میں ہوتا ہے۔ پہلے دور میں ہزار میں سے کوئی ایک خلیہ اس وائرس کا شکار ہوتا ہے اس کے لیے کوئی خاص وقت

متعین نہیں ہے۔ ایچ آئی وی سے متاثر ہونے کے دس سال کے وقفہ میں یہ کسی وقت بھی ہو سکتا ہے۔ خلیہ کے متاثر ہونے کے کچھ وقت گزرنے کے بعد دھیرے دھیرے کچھ اور خلیے اس وائرس سے متاثر ہوتے ہیں۔ اس وقت خون میں ٹی-4 خلیوں کی تعداد مقدار سے زیادہ ہو جاتی ہے۔ کیونکہ ہمارا جسم ان متاثرہ خلیوں سے لڑنے اور ان کی جگہ پُر کرنے کے لیے اور خلیوں کو پیدا کر دیتا ہے۔ لیکن اب وائرس بھی اپنا کام شروع کرتے ہیں اور ہمارے دفاعی نظام سے ان کی جنگ چھڑ جاتی ہے۔

اس وائرس کی ایک عجیب عادت ہے جو کئی سائنسدانوں کو چکر میں ڈال چکی ہے۔ یہ ٹی-4 خلیوں میں خاموشی سے ہفتوں چھپا رہتا ہے اور خلیے میں اس کے خلاف کوئی بھی عمل نہیں ہوتا۔ جب وائرس اپنا کام شروع کرتے ہیں تو ہلکا بخار ہی ایک نشانی ہے جس کے لیے کوئی صحت مند آدمی زیادہ فکر مند نہیں ہوتا۔ لیکن اس وقت تک ہمارے جسم کے دفاعی نظام کے سپاہی مضبوط ہوتے ہیں اس لیے ایچ آئی وی کو خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوتا۔

جنگ کا دوسرا دور اس وقت شروع ہوتا ہے جب جسم دوران خون سے ان سارے وائرسوں کو کھدیڑ کر انہیں لمف گانٹھوں میں قید کر دیتا ہے۔ لیکن یہاں وائرس چین سے نہیں بیٹھتے۔ جیسے ہی جسم پر کوئی باہری جراثیم یا وائرس کا حملہ ہوتا

ایسے 71 جسمانی حالات ہیں جن میں جانچ کرنے پر ایچ آئی وی مثبت (HIV Postive) کی موجودگی پائی جا سکتی ہے۔ اب ایسی حالت میں ایسا کوئی طریقہ نہیں ہے جس کے ذریعہ کہا جائے کہ کس حالت میں کسی شخص کو ایڈز ہے۔ اگر ایسے طریقے ہیں بھی تو سائنسدانوں میں اس پر کافی اختلافات ہیں۔ کئی بار تو کچھ خاص دوائیں لینے کے بعد اگر مریض کے خون کی جانچ کی جائے تو ایچ آئی وی مثبت پایا جاتا ہے۔ ہیپے ٹائٹس (اے، بی اور الکحلک)، کیو بخار کے ساتھ ہیپے ٹائٹس، جذام، ٹی بی، گردہ کا مرض، فلو، زکام، ایک سے زیادہ بچے کی پیدائش، ملیریا، خون میں زیادہ مقدار میں اینٹی باڈی، جوڑوں کا درد، گردوں کی تبدیلی، جسم کے مختلف اعضاء کو جوڑنے والے رقیق مادوں میں گڑبڑ، کینسر، جسم کے کسی عضو کی پیوند کاری، خون کا گاڑھا ہونا، بار بار خون کا عطیہ دینا، ہیمو فیلیا، جگر کا مرض، جلدی امراض، فلکس، کالازار، جیسی بیماریوں میں مبتلا مریض کے خون کی جانچ کرنے سے ایچ آئی وی مثبت مل سکتا ہے۔ اسی طرح فلو، ٹیٹنس وغیرہ کی دوائیں کھانے کے بعد خون کی جانچ کرانے سے بھی ایچ آئی وی مثبت آسکتا ہے۔ گماگلوبین نام کی دوا کھانے سے بھی یہی نتیجہ ملے گا۔ یہی نہیں ڈائلیسس اور سینکائی کرانے والے مریضوں کا خون بھی ایچ آئی وی ہو سکتا ہے۔ اگر اسے سچ مانیں تو مسئلہ یہ ہے کہ ان میں سے کسی جانچ کو ایڈز کی علامت مانا جائے اور کسے نہیں۔ اس کے لیے ایڈز کے نام پر "کمائی" کرنے والوں نے ایک الگ پُر فریب تعریف نکال لی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ان امراض کے ساتھ اگر ایچ آئی وی مثبت نکل آئے تو وہ ایڈز ہے ورنہ نہیں۔ اگر تھوڑی دیر کے لیے اسے درست بھی مان لیا جائے تو اس حالت میں کیا ہوگا جب محض کسی مرض کی دوا لینے سے ہی خون کی جاچ میں ایچ آئی وی مثبت نکل آئے۔

ہے تب "اندرونی کمزوری" کا فائدہ اٹھا کر ایک ایچ آئی وی اسی لمفوسائٹ کے رقیقوں کا استعمال کر کے سات لاکھ تک نئے وائرس بنالیتا ہے جو فوراً ہی نزدیک کی دوسری لمفوسائٹ میں داخل ہو کر پھر سے پوشیدہ حالت میں چلے جاتے ہیں۔ اس وقت بھی جسم کو زیادہ نقصان نہیں ہوپاتا کیونکہ ہمارے جسم کا "اینٹی باڈی" نظام ابھی بھی مضبوط ہوتا ہے اور اسی وقت خون کے سفید ذرات میں پائے جانے والے ایک خاص طرح کے خلیے جنہیں قاتل ٹی خلیے (Killer T Cells) کہتے ہیں، متحرک ہو کر متاثرہ نسیجوں پر حملہ کر کے انھیں ختم کرتے جاتے ہیں۔ یہی وہ وقت ہوتا ہے جب جانچ کے ذریعہ متاثرہ شخص کو ایڈز کا مریض قرار دیا جاتا ہے۔

تیسرا دور اس وقت شروع ہوتا ہے جب ٹی۔4 خلیوں کی تعداد خون کے فی ملی لیٹر میں 1000 سے گھٹ کر 500 کے قریب پہنچ جاتی ہے۔ بنیادی طور پر ٹی۔4 خلیوں کی تعداد گھٹ کر جب تک 200 سے نیچے نہیں ہو جاتی ایڈز کا باقاعدہ علاج شروع نہیں ہوتا۔ لیکن یہ تعداد بھی یہ نہیں دکھلاتی کہ مریض کتنا زیادہ بیمار ہے کیونکہ اکثر ایسا دیکھنے میں آتا ہے کہ 200 سے کم تعداد والے مریض بھی تندرست نظر آتے ہیں اور جن مریضوں میں یہ تعداد اس سے بھی زیادہ تھی، وہ موقع پرست متعدی امراض جیسے کیپوسی سارکوما (Kaposi's Sarcoma) یا نیوموسٹس نمونیا سے متاثر نظر آئے۔

مندرجہ بالا تیسرے دور کو پروڈرمل (Prodermat Stage) دور کہا جاتا ہے۔ اس سے قبل کے دوسرے دور کے مریضوں کو "صحت مند حامل" (Healthy Carrier) کہتے ہیں۔ ہندوستان میں خون دینے والوں کے علاوہ شاید ہی کوئی ایسا صحت مند شخص ہوگا جس میں اس دور میں ایڈز کی جانچ کی گئی ہو۔

تیسرے یا پروڈرمل دور میں ایچ آئی وی سارے جسمانی دفاعی نظام کو تباہ و برباد کر دیتا ہے۔ اس وقت متاثرہ شخص کسی بھی چھوٹی سے چھوٹی بیماری سے لڑنے کے قابل نہیں رہتا۔ اس دوران اسے لگاتار اذیت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ہمیشہ پھولی رہنے والی لمف گانٹھیں اور بغلوں کے غدود، لگاتار بخار، دست، سانس کی تکلیف، ٹی بی، رات میں پسینہ آنا، مینن جائٹس، وزن میں خطرناک حد تک کمی، نظام ہاضمہ کا درست نہ ہونا، جلد کا کینسر، جسم میں سخت درد اور کئی متعدی امراض اسے اپنے گھیرے میں جکڑتے جاتے ہیں اور آخر کار ایڈز کے مریض کی دردناک موت واقع ہو جاتی ہے۔

ایڈز کا علاج کروانا بھی عام آدمی کے بس کی بات نہیں ہے۔ اس کے علاج معالجے پر ماہانہ 600 امریکی ڈالر کا خرچ آتا ہے۔ ادھر دواؤں کی قیمتوں میں کچھ کمی ہوئی ہے پھر بھی ہندوستان جیسے غریب ملک میں علاج کے لیے ایک لاکھ روپے سالانہ ادا کرنا کتنے لوگوں کے بس کی بات ہے؟ علاج و معالجے پر ہونے والے خرچ کو دیکھتے ہوئے سرکار بھی اس طرف زیادہ دھیان نہیں دیتی۔ زیادہ سے زیادہ وہ ایڈز کے مریضوں کو موت آنے تک "ایڈز ہوم" اور درد سے چھٹکارا دینے کے لیے درد کش دوائیں مفت فراہم کرتی ہے۔

ایڈز کی جانچ کے مختلف طریقے

ایڈز کی جانچ کے لیے مختلف طریقے عمل میں لائے جاتے ہیں۔ ان میں پی۔24 اینٹی جن (P-24 antigen)، ایلیسا (ELISA= Enzyme Linked Immuno-Sorbent Assay)، ویسٹرن بلاٹ (Western Blott)، کچھ مشہور طریقے ہیں جن کو آزمانے کے بعد مریض کو ایڈز سے متاثر قرار دے دیا جاتا ہے۔

ایچ آئی وی کے ٹسٹ کے لیے خون کی جانچ نہیں کی جاتی ہے کیونکہ دوران خون میں اس کے وائرس نہیں پائے جاتے، بلکہ اس کی جانچ کے لیے لمف گانٹھوں کی رطوبتوں کو

جانچا جاتا ہے۔

ایچ آئی وی کی جانچ کا عمل بھی کم دلچسپ نہیں ہے۔ الگ الگ ملکوں کے لیے الگ الگ معیارات قائم کیے گئے ہیں۔ ایچ آئی وی وائرس کی جانچ کے لیے کیے جانے والے الیسا ٹسٹ پر صرف 40روپے کا خرچ آتا ہے۔ لیکن ہندوستان کے پرائیویٹ اسپتالوں میں جہاں علاج کم اور مریضوں کو لوٹا زیادہ جاتا ہے، وہاں اس ٹسٹ کے لیے دو ہزار روپے تک اینٹھ لیے جاتے ہیں۔ یہ ٹسٹ اتنا حساس ہے کہ معمولی سی غلطی سے بھی نتیجہ کچھ کا کچھ ہو سکتا ہے۔ امریکہ اور مغربی ملکوں نے یہ طے کردیا ہے کہ کس ملک کے لوگوں کو کتنی مرتبہ الیسا ٹسٹ کرانا چاہئے۔ اگر ایچ آئی وی کا ٹسٹ کرانے والا مریض امریکہ کا ہے تو اس کا تین بار الیسا ٹسٹ ہوگا۔ اس کے بعد ویسٹرن بلاٹ ٹسٹ کیا جاتا ہے۔ اس ٹسٹ کے بعد حتمی طور پر کہا جاتا ہے کہ متعلقہ شخص ایچ آئی وی مثبت (Positive) یا منفی (Negative) ہے۔ ویسٹرن بلاٹ پر 800روپے خرچ ہوتے ہیں۔ جبکہ ہندوستان میں اس ٹسٹ کے لیے تین سے پانچ ہزار روپے تک وصول کیے جاتے ہیں۔ آسٹریلیا میں 4 الیسا ٹسٹ کے بعد ویسٹرن بلاٹ ٹسٹ کرایا جاتا ہے۔ ہندوستان کی بات تھوڑی مختلف ہے۔ پہلے یہاں تین مرتبے الیسا ٹسٹ کرایا جاتا تھا لیکن اب دو ہی الیسا ٹسٹ کرائے جاتے ہیں اور اگر متعلقہ شخص ایچ آئی وی مثبت نکل آئے اور اس کے ساتھ اسے کوئی اور بیماری ہو تو اسے ایڈز کا مریض قرار دیا جاتا ہے۔ افریقی ممالک میں تو یہ بھی نہیں ہوتا۔ وہاں نہ تو الیسا ٹسٹ ہوتا ہے نہ ویسٹرن بلاٹ۔ وہاں مرض کی علامات دیکھ کر ہی ایچ آئی وی مثبت یا ایڈز کا مریض قرار دیا جاتا ہے۔ یعنی افریقہ میں کوئی شخص بخار میں مبتلا ہو، اسے دست ہو رہا ہو اس کا وزن کم ہو رہا ہو تو بلا جھجک اسے ایڈز کا مریض قرار دے دیا جائے گا۔

دوا یا زہر؟

دنیا میں ایڈز کے پھیلنے سے لے کر آج تک میڈیکل سائنس میں کافی ترقی ہوئی ہے، لیکن ایڈز کے میدان

ایڈز وائرس (AIDS Virus)



میں کوئی خاص پیش رفت نہیں ہوپائی ہے۔ اب تک نہ تو کوئی دوا، نہ ہی کوئی ویکسین تیار ہوپائی ہے۔ ریٹونویر (Ritonavir.Abott Lab.)، انڈینویریا کرکسی وین (Indinavir Or Crixivan, Mersk)، اور سکوینویریا انویریز (Saquinavir Or Invirase,Hoffman-La Roche) کچھ ایسی دوائیں ہیں جو ایڈز کے مریضوں کو کچھ حد تک راحت پہنچاتی ہیں۔

ایڈز سے تڑپنے والوں کو دی جانے والی سب سے مشہور دوا اے زیڈٹی (AZT) ہے۔ ڈی ڈی آئی (DDI) ڈی ڈی سی (DDC) اور 3ٹی سی (3TC) نامی دوائیں بھی اے زیڈٹی کے زمرے میں آتی ہیں۔

اے زیڈٹی کوئی عام دوا نہیں ہے۔ یہ دوا کینسر میں دی جانے والی کیمو تھراپی دواؤں کے زمرے میں آتی ہے۔ اس دوا کا طریقہ استعمال انتہائی مشکل اور تکلیف دہ ہے۔ ہر روز تقریباً 15-20 گولیاں چوتھائی گیلن پانی کے ساتھ اور کچھ پیٹ بھر کھانے کے بعد اور کچھ گولیاں ایسی ہیں جنھیں کھانے کے لیے پیٹ کے خالی ہونے کا انتظار کرنا پڑتا ہے اور ذرا سی غفلت سے مریض پر ناموافق اثر پڑتا ہے۔

اے زیڈٹی کی ایجاد جیروم ہاروٹس (Jerome Horowitz) نے 1964ء میں کینسر کے علاج کے کیمو تھراپی سے متعلق اپنے مقالے کے دوران کی تھی۔ لیکن دوا کے مہلک نتائج سے مایوس ہو کر اس نے اپنی دریافت کو شائع نہیں کرایا اور نہ ہی پیٹنٹ کرانے کے لیے درخواست دی۔ لیکن اس کے بیس سال بعد 1987ء میں جب امریکی سرکار پر ایڈز کی دوا کی دریافت کے لیے دباؤ پڑنے لگا تو اس نے گلیکسو ویلکم (Glaxo-Welcomme) کمپنی کے توسط سے اے زیڈٹی کو ہی ایڈز کی دوا منظور کر دیا۔ اس موقع پر امریکی حکومت نے اے زیڈٹی کے برے اثرات سے متعلق رپورٹ کو نظر انداز کر دیا۔ اس کے بعد وہاں کے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food And Drug Administration=FDA) نے آناً فاناً اے زیڈٹی کی توثیق کر دی۔ اس توثیق کے بعد ایف ڈی اے نے محض 5 دنوں کا وقت لیا اور ایک مہینے کے اندر اندر اس دوا کو بنانے کے لائسنس جاری کر دیے گئے۔ اس کے دو برس بعد 17 راگست 1989ء کو اس دوا کو امریکی حکومت کی صحت سے متعلق ایجنسی نے ایچ آئی وی سے متاثر لوگوں کے لیے مفید قرار دیدیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اے زیڈٹی، ایچ آئی وی سے متاثر لوگوں میں ایڈز کے خطرات کو کم کر دیتی ہے۔ اس کے بعد اس دوا کی بکری اور قیمت میں اچھال آگیا۔ 90 کی دہائی کے وسط میں اے زیڈٹی بنانے والی کمپنی نے ہر سال دو ارب ڈالر کی دوا فروخت کی تھی۔

لیکن جلد ہی اے زیڈٹی کے برے اثرات کھل کر سامنے آنے لگے۔ جب امریکہ کا مشہور سیاہ فام ٹینس کھلاڑی آرتھر ایش اس کا شکار ہوا تو ہنگامہ ہو گیا۔ ڈاکٹروں نے ایش کو ایڈز کا مریض ڈکلیئر کر کے اے زیڈٹی کی پوری خوراک لینے کا مشورہ دیا تھا۔ اس دوا کو بھاری مقدار میں لینے سے ایش کی موت ہو گئی۔ جب امریکہ کے مشہور باسکٹ بال کھلاڑی میجک جانسن کو ایڈز ڈکلیئر کیا گیا تب اس نے بھی اس دوا کی خوراک لینی شروع کی۔ بے چینی اور منفی اثرات کو دیکھ کر جانسن نے دوا لینی بند کر دی اور اس کی جان بچ گئی۔ آرتھر ایش اور میجک جانسن معاملے کے بعد کئی سائنسدانوں نے اس دوا کے خلاف بولنا شروع کیا۔ اے زیڈٹی دوا کی توثیق اور لائسنسنگ کے لیے جو گیارہ رکنی کمیٹی بنائی گئی تھی اس کمیٹی کے صدر ڈاکٹر بروک کا بھی ماننا ہے کہ اے زیڈٹی سے متعلق اعداد و شمار ادھورے تھے لیکن سخت دباؤ میں کمیٹی نے توثیق کر دی کہ ایڈز سے تڑپنے والوں کو اے زیڈٹی دی جانی چاہیے۔ حد تو یہ کہ ایچ آئی وی کے

لیے اے زیڈ ٹی کو صحیح دوا ماننے والی لابی نے یہ دلیل گھڑی کہ اے زیڈ ٹی کے استعمال سے ایچ آئی وی کے انفیکشن کا خطرہ کم ہو جاتا ہے اس لیے اس دوا کو اس خطرے سے بچنے کے لیے صحت مند آدمیوں کو بھی دیا جاسکتا ہے۔ اس دوا کو اسپتال کے ملازمین کو اس جواز کے ساتھ دیا گیا کہ وہ جو کھم بھرے مقامات پر کام کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ سراسر غلط بات تھی۔

اے زیڈ ٹی جسم میں خلیوں کی تقسیم کے عمل کو ختم کر دیتی ہے۔ یہ بالوں اور جلد کے خلیوں کو زبردست نقصان پہنچاتی ہے۔ اور عام طور پر یہ دوا لینے والوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ جوڑوں میں درد، وزن میں کمی، آنتوں میں کیڑوں کی پیداوار، سر میں تیز درد، مزاحمتی صلاحیت اور خون کی کمی اس دوا کے یقینی نتائج ہیں۔ کچھ ماہرین کا یہ بھی کہنا ہے کہ اس دوا کے استعمال سے کینسر کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

امریکی سازش تو نہیں؟

جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا کہ امریکی ماہرین اور سائنسدانوں نے اس وائرس کے پھیلانے اور پیدا کرنے کی ذمہ داری افریقہ میں پائے جانے والے بندروں پر ڈال دی ہے۔ لیکن ہم یہاں ایک ایسے امریکی سائنسداں کا ذکر کر رہے ہیں جن کا ماننا ہے کہ ایچ آئی وی کی "ایجاد" کی ذمہ داری امریکی سائنسدانوں پر ہے۔ اس سنسنی خیز حقیقت کا انکشاف کرنے والے سائنسداں کا نام ہے "تھیوڈر اسٹریکر"۔ ڈاکٹر اسٹریکر کیلی فورنیا کے مشہور وائرولوجسٹ ہیں۔ انھوں نے 97 منٹ کی ایک ویڈیو کیسٹ تیار کی ہے۔ "اسٹریکر میمورنڈم" کے نام کی اس کیسٹ میں یہ بتایا گیا ہے کہ ایچ آئی وی کب، کیوں اور کہاں بنایا گیا۔ برطانیہ کے ایک سینئر سائنسداں ڈاکٹر سیل اور مشرقی جرمنی کے پروفیسر جیکب سیگل بھی ڈاکٹر اسٹریکر سے متفق ہیں۔ ڈاکٹر اسٹریکر اور ڈاکٹر سیل کے مطابق ایڈس کے لیے ذمہ دار اس وائرس کو تجربہ گاہ میں تیار کیا گیا تھا۔ ان کے مطابق ناسا (NASA=National Aeronatics And Space Adminiseration) اور فورٹ ڈائرک، میری لینڈ میں واقع پنٹاگن کی جینٹک تجربہ گاہ میں جب بھیڑوں پر حملہ کرنے والے ایک وائرس (Ship Vina Virus) اور مویشیوں پر حملہ کرنے والے وائرس (Bovine Luekemia Virus) کے اختلاط سے ایچ آئی وی کی پیدائش ہوئی۔ اس وائرس کو تجربوں کے دوران کئی جانوروں پر آزمایا گیا لیکن خاطر خواہ نتیجہ نہیں ملا۔ اس کے بعد ان لوگوں نے اس وائرس کے اثرات انسانوں پر دیکھنے کے لیے انھیں کسی شخص کے اندر داخل کرادیا۔ چونکہ یہ وائرس کافی دنوں بعد متحرک ہوتا ہے اس لیے اس شخص پر بھی اس کے اثرات نہیں دکھائی دیے اور اس بیچ وہ شخص امریکہ کے آزاد معاشرہ میں کھلے بندوں پھرتا رہا اور اس وائرس کو بڑے آرام سے "بانٹتا" رہا۔ اس وائرس سے متاثر جو لوگ زائرے یا افریقہ کے کسی ملک میں گئے، انھیں لوگوں کے ذریعہ بیچارے بندر بھی اس وائرس کا شکار ہو گئے۔

کینسر اور ایڈز مائیکرو بایولوجی کے شعبہ میں بین الاقوامی شہرت کے حامل ڈاکٹر کانٹویل نے جو "ایڈز دی مسٹری اینڈ دی سالوشن" کے مصنف بھی ہیں۔ انھوں نے ڈاکٹر اسٹریکر کے نظریات کو غلط ثابت کرنے کے لیے تحقیق کرنے کا فیصلہ کیا۔ لیکن دو سال کی تحقیق کے بعد وہ بھی ڈاکٹر اسٹریکر کے نظریات سے متفق ہو گئے۔

ڈاکٹر اسٹریکر کا کہنا ہے کہ جنھوں نے اس وائرس کو تیار کیا تھا اب وہی لوگ اس وائرس کے بارے میں غلط معلومات فراہم کر رہے ہیں اور غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں۔ کیونکہ اگر حقیقت کھل کر سامنے آجائے تو ان کا جرم ثابت ہو جائے گا اور وہ مجرم قرار دیے جائیں گے۔

سائنسدانوں اور ماہرین کا ایک ایسا گروپ بھی ہے جو ایچ آئی وی کو ایڈز کے لیے ذمہ دار مانتا ہی نہیں۔ پیٹر ڈیوس برگ امریکہ کے مشہور سائنسداں ہیں۔ انھوں نے آنکو جین (کینسر کے لیے ذمہ دار جین Onco gene) کی دریافت کی تھی اور انہیں کیلی فورنیا سائنٹسٹ آف دی ایر انعام سے بھی نوازا جا چکا ہے۔ پیٹر ڈیوس برگ ایچ آئی وی کو ایڈز کے لیے ذمہ دار نہیں مانتے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ سب ڈسپوزیبل (Disposable) اور کنڈوم (Condom) بنانے والی کمپنیوں کا پروپیگنڈہ ہے کہ ایچ آئی وی ہی ایڈز کے لیے ذمہ دار ہے۔ اسی گروپ میں مشہور کیمیاداں اور نوبل انعام یافتہ سائنسداں کیری مولس بھی ہیں۔

حقیقت چاہے جو ہو لیکن اتنا تو طے ہے کہ ابھی تک ایڈز کے متعلق کوئی خاص پیش رفت نہیں ہو پائی ہے۔ ابھی تک سائنسداں اس بیماری کو پوری طرح سمجھ نہیں پائے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اس کے لیے ابھی تک کوئی مناسب دوا کی کھوج نہیں ہو پائی ہے۔ لیکن بیشتر سائنسداں اس بیماری سے متعلق عام لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ اس ضمن میں مغربی سائنسدانوں کا یہ بیان انتہائی مضحکہ خیز ہے کہ ایشیا اور افریقہ میں پائے جانے والے ایچ آئی وی امریکہ اور مغربی ممالک کے ایچ آئی وی سے الگ ہیں۔ امریکہ اور مغربی ممالک کا ایچ آئی وی کمزور ہے اور ایشیا اور افریقہ کا ایچ آئی وی کافی مضبوط ہے۔ جنوبی افریکہ کے صدر تھابو مبیکی نے ان نکات کو بنیاد بنا کر سوال کھڑا کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر مغربی ملکوں اور افریقی ملکوں کے ایچ آئی وی الگ الگ ہیں تو امریکہ اور دوسرے مغربی ممالک ایڈز سے متعلق تحقیق کو ہم غریب ملکوں پر کیوں تھوپ رہے ہیں؟

محاذ پر ناکامی کیوں؟

آج تک کھربوں روپے ایڈز کے نام پر خرچ کیے جا چکے ہیں۔ لیکن نتیجہ وہی "ڈھاک کے تین پات" والا ہے۔ آدھا درجن سے زیادہ ادارے جن کا دنیا میں اپنا منفرد مقام ہے، روپے پانی کی طرح بہا رہے ہیں۔ لیکن کوئی شیطان کو اس کی گردن سے نہیں پکڑنا چاہتا۔ آخر کیا وجوہات ہیں کہ بین الاقوامی مالیاتی ادارہ، ورلڈ بینک، بین الاقوامی ادارہ صحت UNAIDS, USAID,UNDP فورڈ فاؤنڈیشن، یوروپین کمیشن مائکروسوفٹ، یونیسکو اور یونیسیف جیسے ادارے اس محاذ پر ناکام ہیں۔

ناکامی کی کوئی وجہ نہیں ہے آج دنیا کے "بہترین دماغ" عظیم دانشوران اور بہتر سے بھی بالاتر "ماہرین" سورج کو سورج کہنے سے کترا رہے ہیں۔ وہ قحبہ خانوں کو بند نہیں کرانا چاہتے، ان کی گردنیں نہیں پکڑنا چاہتے جو غیر اخلاقی اور انسانیت سے گری ہوئی حرکتیں کرتے ہیں، ان کی باز پرس نہیں کر سکتے اور نہ ہی انھیں سزا دے سکتے ہیں جو حیوانوں سے بدتر حرکات کے مرتکب ہیں۔ ہاں ایڈز پر بڑی بڑی کانفرنسیں ضرور بلاتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ "گیز" (Gays) اور "لیزبین" (Lesbians) کے "اولمپک" بھی ضرور منعقد کرواتے ہیں۔ آخر نتیجہ کیا نکلے گا؟ ہمارے ہندوستان میں ایڈز کی روک تھام کے لیے سرکار نے کروڑوں روپے صرف کیے ہیں اور اس کے لیے ناکو (NACO=National AIDS Control Organisation) نامی ایک ادارے کا قیام بھی عمل میں لایا گیا تھا۔ لیکن اب اس ادارے کی حالت بھی بدترین ہے۔ سرکار اب اس ادارے کو بند ہی کر دے تو بہتر ہے۔ اس نے سوائے گھٹیا نعروں کے اور کیا کیا ہے ایڈز سے بچاؤ کے لیے۔ اصل کام لوگوں کو برائی سے روکنا ہے نہ کہ کنڈوم کا استعمال سکھانا؟

عذاب الٰہی تو نہیں؟

انسانی شرافت اور اخلاقی حدود وقیود سے آزاد ہو کر

جانوروں کی طرح بے تکلف کہیں پر بھی اور کسی سے بھی جنسی تعلق قائم کرنا اور لباس کی طرح ہر روز نئے ساتھی بدل لینا، آج کی بے حیا اور خدا بیزار تہذیب کا خاصہ ہے۔ آج قحبہ گری اور جسم فروشی کے اڈوں کو نابود کرنے کی بجائے اسے ایک انڈسٹری کا درجہ دے دیا گیا ہے اور جسم فروش طوائفوں کو "سیکس ورکر" کے نام سے سماج میں توقیر کا مقام دیا جارہا ہے۔ تعلیمی اداروں میں مخلوط کلچر کو ختم کرنے کے بجائے "محفوظ جنسی تعلقات" بنانے کے گر سکھائے جارہے ہیں، سرکاری طور پر "سُرکھشت اُپائے" سکھائے جاتے ہیں۔ ہائی سوسائٹی کے گھرانے جوڑوں کے تبادلے اور "لبرل" جنسی سرگرمیوں میں معروف ہیں اور اس کی حوصلہ افزائی اور اسے مہمیز دینے کے لیے سارا پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا دن رات اپنا زور صرف کررہا ہے۔ سماجی و سرکاری سطح پر جسم کی نمائش اور فحش حرکتوں کے مقابلے منعقد کیے جارہے ہیں۔ اس جنس زدگی کے اثرات سماج کے بقیہ طبقات پر بھی پڑ رہے ہیں اور پوری انسانی سوسائٹی جنس زدہ ہو کر رہ گئی ہے اور نتیجتاً اگر ہندوستان کے "مستقبل کے معماروں" کا 5 فیصدی حصہ آج جنسی امراض کا شکار ہو چکا ہے تو کیا بڑی بات ہے۔ (غیر سرکاری تنظیم "پریاس" کے اعداد وشمار کے مطابق ہندوستان میں 5 فیصد کے قریب بچے (Sexually Transmitted Diseases)STD سے متاثر ہیں۔

تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب جب انسان اپنی حدود سے باہر نکلتا ہے اور فطرت کے قوانین کی خلاف ورزی کرتا ہے، عذاب الٰہی سے اس کا سابقہ ضرور پڑتا ہے۔ اپنے کیے کی سزا تو انسان ضرور بھگتے گا اور اگر آج کے اس اخلاقی زوال کے دور میں اس کا سابقہ ایڈز جیسی بھیانک بیماری سے پڑا ہے تو کیا کہا جاسکتا ہے؟

اب بھی کچھ نہیں بگڑا، لیکن شتر مرغ کی ذہنیت سے کام نہیں چلنے والا۔ اگر سچ مچ انسانیت کو اس عذاب الٰہی سے بچانا ہے تو کچھ ٹھوس اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ سب سے پہلے جسم فروشی کی لعنت کو دنیا سے مٹانا ہوگا۔ لوگوں کو ایک صحت مند اور پاک معاشرہ مہیا کرانا ہوگا۔ آج کے نوجوان طبقہ کی ذہنی تربیت نہایت ضروری ہے۔ فیشن پرستی ایک ناسور کی طرح آج ہمارے سماج میں پنپ رہی ہے۔ ضرورت ہے اس کے خطرات سے لوگوں کو آگاہ کیا جائے۔ نہیں تو یہی کہنا پڑے گا کہ "اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیا چگ گئی کھیت" اور ہم پھر بھی نہ جاگے تو ہمیں بھی قوم لوط کی طرح فنا کر دیا جائے گا۔

جنوب مشرقی ایشیاء میں ایڈز اور ایچ آئی وی سے متاثر افراد

ملک	ایڈز کے درج معاملے		ایچ آئی وی سے متاثر افراد	
	تعداد	ماہ و سال	اندازہ	فی لاکھ آبادی میں تعداد
بنگلہ دیش	10	مارچ 97	21000	16
بھوٹان	1	اگست 98	<100	<16
کوریا	0	نومبر 96	<100	<1
ہندوستان	6252	مارچ 98	4,000,000	416
انڈونیشیا	237	جون 99	25000	12
مالدیپ	5	مارچ 98	<100	<25
میانمار	2312	مارچ 98	440000	760
نیپال	163	جنوری 98	25000	66
سری لنکا	77	مارچ 98	6000	32
تھائی لینڈ	106344	جنوری 98	950000	1345
کل	115421		5600000	<358

31 مارچ 1999ء تک ملک کی مختلف ریاستوں میں ایچ آئی وی جراثیم سے متاثرہ افراد اور ایڈز کے مریض

ریاست / مرکز کے زیر انتظام خطے	لوگوں کی جانچ	ایچ آئی وی جراثیم سے متاثر لوگوں کی تعداد	ایچ آئی وی جراثیم سے متاثر ہونے کی شرح	ایڈز کے مریض
انڈمان نکوبار جزائر	1447	115	7 96	0
آندھرا پردیش	74566	704	9 44	48
اروناچل پردیش	495	0	0 00	0
آسام	12717	173	13 60	3
بہار	10191	41	4 02	3
چنڈی گڑھ	56687	260	4 59	0
دادرا اور نگر حویلی	160	1	6.25	0
دمن دیو	250	8	32 00	1
دلی	317457	1282	4.04	219
گوا	69395	2104	30.32	15
گجرات	451464	1675	3 71	137
ہریانہ	160330	494	3 08	1
ہماچل پردیش	3851	92	23 89	9
جموں و کشمیر	8981	40	4 45	2
کرناٹک	402142	4845	12 05	172
کیرل	44547	215	4 83	106
لکشدیپ	1194	8	6 70	0
مدھیہ پردیش	96083	587	6.11	210
مہاراشٹر	429045	47408	110 50	3354
منی پور	38362	5644	147.12	301
میگھالیہ	14250	60	4.21	8
میزورم	37251	122	3 28	7
ناگالینڈ	8548	429	50.19	10
اڑیسہ	83127	217	2 61	2
پانڈیچری	84579	2971	35 13	141
پنجاب	1488	65	43 68	100
راجستھان	22446	465	20 72	79
سکم	510	6	11 76	2
تامل ناڈو	741774	13375	18 03	1881
تری پورہ	5613	4	0.71	0
اترپردیش	106936	1253	11 72	125
مغربی بنگال	163991	649	3.96	57
کل (ہندوستان)	3462880	85312	24 64	7012

روزہ اور فاقہ

زبیر وحید

اس عنوان کی ابتداء ہی میں اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ فاقہ کشی اور روزہ دو مختلف صورتیں ہیں۔ روزے کی حالت میں انسان کھانے پینے کے علاوہ غیر پسندیدہ کاموں سے بھی احتراز کرتا ہے جبکہ فاقہ کشی میں صرف خوراک سے پرہیز کیا جاتا ہے۔ روزہ ایک مذہبی فریضہ ہے۔

لیکن فاقہ کشی یا خوراک سے پرہیز کئی وجوہات کی بناء پر کیا جاتا ہے جن میں بیشتر کا صحت اور تندرستی سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہوتا تاہم اب کچھ نئی تحقیق پر بنی مضامین میں روزے کی افادیت کو تسلیم کر لیا گیا ہے۔ صوفی حضرات اپنے اوپر وجدان کی کیفیت کو طاری کرنے کے لیے روزے رکھتے تھے۔ اپنے مطالبات کو منوانے اور احتجاج کے طور پر بھوک ہڑتال بھی فاقہ کشی کی ایک شکل ہے۔ قدیم زمانوں کے افراد خود اذیتی اور اپنے روٹھے ہوئے خداؤں کو خوش کرنے کے لیے فاقے کیا کرتے تھے۔ روزے کا تصور قدیم ادوار سے ہی قائم ہے، روزے ہندوؤں، بدھ مت کے پیروکاروں، یہودیوں، عیسائیوں اور مسلمانوں کی مذہبی روایت کی پاسداری کے طور پر رکھے جاتے ہیں۔ یہودی پہلے سال میں چھ روزے رکھتے تھے لیکن اب سال میں صرف ایک روزہ بڑی شد و مد سے رکھتے ہیں۔ جسے یوم تلافی (Day of Atonement) کہتے ہیں۔ عیسائیوں کے روزے مخصوص پر تعیش کھانوں سے اجتناب کے لیے رکھے جاتے ہیں اور عیسائیوں کے روزے لینٹ (Lent) کہلاتے ہیں اور 40 دنوں پر محیط ہوتے ہیں۔ مسلمانوں میں بچوں اور فاترالعقل افراد کے علاوہ تمام مسلمان مرد و زن پر روزہ فرض ہے۔ اور دین اسلام کے پانچ ارکان میں سے ایک فرض عبادت ہے۔ روزے صرف ان افراد پر فرض نہیں جو کسی بیماری کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکتے ہیں۔

بچوں اور جانوروں میں بیماری کی حالت میں بھوک قدرتی طور پر کم ہو جاتی ہے۔ شاید اسی وجہ سے قدیم دور سے ہی یہ تصور چلا آرہا ہے کہ بیماری کے ابتدائی مراحل میں بھوکا رہنا بہتر ہے۔ قدرتی طریقہ علاج سے علاج کرنے والے معالجین بھی روزے کی اہمیت اور افادیت پر زور دیتے ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ روزہ یا ارادی فاقہ کشی جسمانی صفائی کا کام کرتی ہے۔ بیماری کے دوران جسم کی ساری قوت بیماری کا مقابلہ کرنے کے لیے خرچ ہوتی ہے تاکہ بیماری سے لڑا جا سکے۔ قدرتی طریقہ علاج کے معالجین دوران روزہ جی متلانے زبان پر پپڑیاں جمنے، سر درد اور سانس خراب ہونے کی علامات کو اس بات سے تعبیر کرتے ہیں کہ جسم فضل مادوں کے اخراج میں مصروف ہے۔ لیکن درحقیقت یہ علامات جوئے خون میں جسم کی چکنائیوں کی ٹوٹ پھوٹ اور اخراج کی وجہ سے ہوتی ہیں اور زیادہ چکنائی والی غذا کھانے سے ایسی ہی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ بعض دفعہ اس وقت تک فاقہ کشی کرنے کے لیے کہا جاتا ہے جب تک سانس اور زبان صاف نہ ہو جائے۔ یہ نصیحت کہ فاقہ کشی سے زبان اور سانس صاف ہو جاتی ہے، نہ صرف گمراہ کن ہے بلکہ انتہائی خطرناک بھی ہے۔ ایک قدرتی طریقہ علاج کے ماننے والے کا خیال ہے کہ مریض کو علاج کی غرض سے فاقہ کشی کرانے سے پہلے اس بات کی تسلی دینی ضروری ہے کہ اسے یقیناً افاقہ ہوگا۔

اکثر لوگ کہتے ہیں کہ بخار کے ابتدائی مرحلوں میں خوراک سے پرہیز کرنا چاہئے۔ جبکہ جدید تحقیق کے مطابق اب بخار کی حالت میں ڈاکٹر مریض کو کھاتے رہنے کا مشورہ دیتے

ہیں، مگر فرق صرف یہ ہے کہ غذا زود ہضم ہو اور اس میں مکمل حیاتین ہوں، تاکہ بخار سے پیدا ہونے والی کمزوری کو دور کیا جاسکے۔ بخار کی حالت میں فاقہ کرنے کی قطعی ضرورت نہیں ہوتی ہے اور نہ ہی بخار کی حالت میں مریض کو زور دے کر کھانا کھلانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ لیکن اگر غذا کی قدرتی طور پر ضرورت محسوس ہو تو بھوکا ہرگز نہیں رہنا چاہیے۔

فاقہ کشی موٹاپے کو کم کرنے اور وزن کو گھٹانے کے لیے ہسپتالوں میں کرائی جاتی ہے۔ آج کل اس مقصد کے لیے سلمنگ سنٹر بھی کام کر رہے ہیں۔ ان اداروں میں موٹاپے کے شکار مریضوں کو بھوکا رکھا جاتا ہے۔ ان کی غذا کے چارٹ میں تبدیلی کی جاتی ہے اور انھیں بھوک کو ختم کرنے والی ادویات اور غذائیں دی جاتی ہیں۔ سات سے دس دن کی فاقہ کشی سے وزن میں 16 پونڈ تک کمی کی جاسکتی ہے۔ شروع شروع میں ایک دو دن بھوک محسوس ہوتی ہے مگر مکمل اور مسلسل غذا کی کمی کو جاری رکھ کر موٹاپے سے نجات حاصل کی جاسکتی ہے اور ایسا مسلسل کرنے سے وزن کو ایک خاص حد تک کم کر کے برقرار رکھا جاسکتا ہے۔

فاقہ سخت طبی نگرانی میں کریں، ایک صحت مند شخص دو سے تین دن تک بھوکا رہ سکتا ہے۔ لیکن بلند فشار خون، ذیابطیس یا دل کے مریض فاقہ کشی سے بیمار بھی ہوسکتے ہیں۔ اکثر لوگ اختتام ہفتہ پر چھٹی والے دن فراغت کے باعث طرح طرح کے کھانے پکوا کر کھاتے ہیں۔ ایسے افراد اگر چھٹی والے دن روزہ رکھیں تو انھیں مذہبی اعتبار سے اور صحت کے لحاظ سے فائدہ ہوسکتا ہے۔ لیبارٹری میں چوہوں پر کیے جانے والے تجربات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ ایسے چوہے جنھیں دو دن غذا دی گئی اور تیسرے دن بھوکا رکھا گیا ان کی زندگی میں 40 فیصد تک اضافہ ہوا۔ بہت سے لوگ صرف خوبصورت اور اسمارٹ نظر آنے کے لیے روزہ رکھتے ہیں جبکہ روزہ نہ صرف عبادت ہے، بلکہ اس کے جسمانی اور روحانی فوائد بھی ہیں۔●●●

عطر ہاؤس کی نئی پیش کش

عطر 59 مشک عطر 59 مجموعہ عطر 59
جنت الفردوس نیز 96 مجموعہ، عطر سلمٰی
، کھوجاتی و تاج مارکہ سرمہ و دیگر عطریات
ہول سیل و رٹیل میں خرید فرمائیں

مغلیہ ہربل حنا سے تیار مہندی۔ اس میں کچھ ملانے کی ضرورت نہیں
بالوں کے لیے جڑی بوٹیوں

مغلیہ چندن ابٹن جلد کو نکھار کر چہرے کو شاداب بناتا ہے

عطر ہاؤس 633 چتلی قبر، جامع مسجد، دہلی۔6
فون نمبر: 3286237

پربھنی (مہاراشٹر) میں ہمارے تقسیم کار:

الرسالہ بُک سینٹر

اقبال نگر۔ پربھنی۔431401

دھولے (مہاراشٹر) میں "سائنس" کے تقسیم کار

دارالمطالعہ اسلامی

فیشن مارکیٹ دھولے۔424001

شبنم بُک اسٹال

ہول سیل اینڈ ریٹیل نیوز سیلرز

نزد پرتی بلڈنگ، آگرہ روڈ، دھولے۔424001

سائنس کی دین

اظہار اثر ۔نئی دہلی

خدا نے انسان کو شعور اسی لیے دیا ہے کہ وہ عقل سے کام لے کر فطرت کے رموز سمجھ سکے۔اسی کوشش کو سائنس کہا جاتا ہے جس کے ذریعہ آج انسان فطرت کے ایسے ایسے رازوں کا انکشاف کر چکا ہے کہ آج سے دس ہزار سال پہلے کا انسان جن کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ میڈیکل سائنس، خلائی سائنس برقی قوت چند ایسی چیزیں ہیں جنھوں نے انسان کی زندگی کو ہزار درجہ بہتر بنادیا ہے۔

سائنس نے ہی آج کے انسان کو یہ بتایا کہ نباتات یعنی پیڑ پودوں میں بھی جان ہوتی ہے وہ بھی دکھ اور سکھ محسوس کرتے ہیں جس کا ثبوت یہ ہے کہ اگر کھیتوں پر مسلسل موسیقی کی تانیں گونجتی رہیں تو پودے زیادہ جلدی بڑھنے لگتے ہیں ۔اس کا مطلب ہے پیڑ پودے اس موسیقی سے خوش ہوتے ہیں یا کم از کم موسیقی کی لہریں ان کے اندر نشو ونما کی قوت بڑھادیتی ہیں۔اس سلسلے میں سائنسداں مسلسل تجربات کر رہے ہیں ممکن ہے مستقبل میں وہ کوئی ایسا طریقہ دریافت کرلیں کہ پودوں کی خوشی اور ناراضگی کو بھی سمجھ سکیں۔اس کے ساتھ ہی کچھ سائنسداں آج کل جانوروں کی آوازوں کو سمجھنے اور ان سے بات چیت کرنے کا طریقہ تلاش کر رہے ہیں۔ آپ نے شاید سنایا پڑھا ہو کہ ڈولفن نام کی ایک مچھلی انسانوں کی بات سمجھ کر ان کی دوست بن جاتی ہے۔ڈولفن گاتی ہے۔گیند کھیلتی ہے۔ننھے بچوں کو اپنی پیٹھ پر بٹھا کر پانی میں تیرانے بھی لے جاتی ہے اور بچے کو ڈوبنے نہیں دیتی۔ حال ہی میں سائنسدانوں نے بلبل جیسی خوشنما آواز والی ایک چھوٹی سی چڑیا کے گھونسلے کے قریب بہت حساس مائکروفون فٹ کردیے اور وہ ان چڑیوں کی آواز ریکارڈ کرنے لگے۔کچھ عرصہ بعد انھوں نے ان آوزوں کی ایڈیٹنگ کی۔یعنی طرح طرح کی آوازوں کو الگ الگ گروپ بنادیے ۔ اسکے بعد انھوں نے ان چڑیوں کے گھونسلوں کے پاس جاکر ٹیپ ریکارڈ کے ذریعہ وہ آوازیں پیدا کیں۔ان کی خوشی کا ٹھکانہ نہ رہا جب انھوں نے دیکھا کہ بہت سی چڑیاں اس مقام پر جمع ہو کر اس چڑیا کو تلاش کرنے لگیں جس کی وہ آواز سن رہی تھیں تبھی انھوں نے ٹیپ ریکارڈ کی آواز سے سمجھ لیا تھا کہ کوئی ان کی ساتھی بلا رہی ہے۔

پھر سائنسدانوں نے انہی آوازوں میں سے دوسری آوازیں لاؤڈ اسپیکر پر بجائیں تو تمام چڑیاں اڑ کر دور چلی گئیں اور غل مچانے لگیں۔اس سے سائنسدانوں نے اندازہ لگایا کہ پہلی قسم کی آوازیں ہم جولی چڑیوں کو بلانے کے لیے تھیں اور دوسری قسم کی آوازیں کسی خطرے کا سگنل تھیں جنھیں سن کر سب چڑیاں خطرے سے ہوشیار ہو گئیں۔اسی طرح کے تجربات سے سائنسدانوں کو یقین ہو گیا کہ جانور بھی مختلف قسم کی آوازیں نکال کر آپس میں بات چیت کرتے ہیں یا کم از کم اپنا مفہوم اپنے ہم نسل جانوروں تک پہنچادیتے ہیں۔

آپ نے یہ بھی سنا ہوگا کہ کتا الٹراسونک آوازیں سن سکتا ہے۔الٹراسونک وہ آوازیں کہلاتی ہیں جو انسانی کان نہیں سن سکتے۔سائنسدانوں کو تجربات سے اب پتہ چلا ہے کہ بہت سے جانور الٹراساؤنڈ آوازوں کے ذریعہ آپس میں باتیں کرتے ہیں۔یہ دریافت اتفاقیہ طور پر ہوئی۔ایک بار کچھ سائنسداں بہت حساس آلوں سے فضا میں آواز کی لہروں کی تھرتھراہٹ ریکارڈ کرنے کی کوشش کر رہے تھے کہ ہاتھیوں کا ایک جھنڈ ایک طرف سے بھاگتا ہوا آیا۔ پھر یکایک وہ جھنڈ ایک دم اس

طرح رُک گیا جیسے کسی کمانڈر نے مارچ کرتی فوج کو رک جانے کا آرڈر دے دیا ہو۔ اس وقت سائنسدانوں نے الٹرا ساؤنڈ لہریں محسوس کرنے والے آلے کی سوئیوں میں عجیب طرح کی تھرتھراہٹ محسوس کی۔ پھر اس تھرتھراہٹ میں ایک دم تبدیلی ہوئی اور تمام ہاتھی گھوم کر ایک دوسری سمت کو چل دیئے۔ اس بات سے سائنسدانوں نے سمجھ لیا کہ ہاتھی الٹرا ساؤنڈ آوازوں سے آپس میں باتیں کرتے ہیں اور سب سے آگے چلنے والا ہاتھی باقی ساتھیوں کو کمانڈر کی طرح احکامات دیتا رہتا ہے۔ سائنسدانوں نے ان آوازوں کو سمجھنے کی کوشش شروع کر دی اور ہاتھیوں کے جھنڈوں کا پیچھا کر کے ان کی خاموش آوازوں کی لہروں کو حساس آلوں پر ریکارڈ کرنے لگے۔ الٹرا سونک آوازوں کی لہریں اتنی چھوٹی یا بڑی ہوتی ہیں کہ انسانی کان ان کو محسوس نہیں کر سکتے۔ لیکن حساس آلوں نے ان لہروں کو ریکارڈ کر لیا تھا۔ ٹیپ ریکارڈ پر ریکارڈ ہونے پر بھی یہ آوازیں انسانی کان نہیں سن سکتے تھے۔ چنانچہ سائنسدانوں نے سوچا کہ ٹیپ ریکارڈ کو اگر تیزی سے چلایا جائے تو شاید یہ آوازیں سنی جا سکیں۔ اس نظریہ پر عمل کرتے ہوئے انھوں نے ٹیپ ریکارڈ کو تیز چلایا تو واقعی اسپیکر پر بہت مدھم آوازیں اس طرح سنائی دینے لگیں جیسے کوئی جانور رک رک کر "ہوں ہوں" کر رہا ہو۔ ان آوازوں میں ایک خاص وقفہ تھا اور آوازیں لمبی اور چھوٹی بھی تھیں۔ یعنی یہ ایک طرح کی زبان تھی جو ہاتھی آپس میں بات چیت کرنے کے لیے استعمال کرتے تھے۔

اس بات کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے سائنسدانوں نے ہاتھیوں کے ایک بھاگتے ہوئے جھنڈ کو دیکھ کر اپنے ٹیپ ریکارڈ سے وہ لہریں نشر کیں۔ اور یہ دیکھ کر ان کی خوشی کی انتہا نہ رہی کہ وہ لہریں محسوس کرتے ہی ہاتھیوں کا جھنڈ ایک دم رک کر حیرت سے ادھر ادھر دیکھنے لگا۔ سائنسدانوں نے اس کے بعد دوسری قسم کی لہریں نشر کیں۔ ان لہروں کے پھیلتے ہی ہاتھی یکایک گھومے اور دوسری طرف کو دوڑنے لگے۔ اس تجربہ سے یہ بات یقینی ہو گئی کہ ہاتھی الٹرا سونک آوازوں کے ذریعہ ایک دوسرے سے بات چیت کرتے ہیں یا ہدایات دیتے ہیں۔ اس کامیابی نے سائنسدانوں کے حوصلے بڑھا دیئے ہیں اور انھیں یقین ہو گیا ہے کہ مستقبل میں وہ مختلف جانوروں کی بولیوں کو سمجھ کر ان سے بات چیت کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

گزشتہ صدی کی چھٹی دہائی میں وہ حیرت انگیز واقعہ پیش آ گیا جس کے بارے میں انسان کبھی سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ یعنی ساؤتھ افریقہ کے ایک ڈاکٹر برنارڈ نے پہلی بار ایک انسان کے جسم میں دوسرے آدمی کا دل لگا کر ثابت کر دیا کہ انسان کے جسم کے اہم سے اہم عضو کو بھی بدلا جا سکتا ہے۔ وہ پہلا مریض اس کائنات کا پہلا آدمی تھا جس نے اپنی آنکھوں سے اپنے دل کو ایک شیشے کے مرتبان میں رکھے دیکھا تھا۔ اس تجربہ کے بعد اب انسانی جسموں میں اہم اعضا کی پیوند کاری کا سلسلہ عام ہو گیا ہے۔ آنکھوں نیز گردوں وغیرہ کی پیوند کاری تو اب عام ہو چکی ہے بلکہ گردوں کی پیوند کاری میں مالی فائدہ اٹھانے کے لیے جرائم پیشہ لوگوں نے جرائم شروع کر دیئے ہیں۔ وہ انجان لوگوں کو دھوکہ دے کر ان کی بے خبری میں ان کے گردے بیچنے کا کاروبار کرنے لگے ہیں۔ گزشتہ صدی کے نویں دہے میں دو اور بہت اہم تجربات ہوئے ہیں ایک تو یہ کہ جگر جیسے عضو کی پیوند کاری پر کام شروع ہو گیا ہے۔ جگر انسانی جسم کا بہت اہم عضو ہے، پہلے خیال کیا جاتا تھا کہ جگر کی پیوند کاری نہیں ہو سکتی لیکن سائنسدانوں نے جگر کی کامیاب پیوند کاری کر کے اس خیال کی تردید کر دی ہے۔ اگرچہ جگر کی پیوند کاری کا پہلا مریض صرف تین دن زندہ رہا لیکن اس کی موت پیوند کاری کی ناکامی

کی وجہ سے نہیں ہوئی بلکہ دماغ میں ایک ٹیومر کی وجہ سے ہوئی۔ اس کامیابی کے بعد یقین کیا جاسکتا ہے کہ بہت جلد دل اور گردوں کی طرح جگر کی پیوندکاری بھی عام ہو جائے گی۔

لیکن حال ہی میں ایک سائنسداں نے ایک عجیب وغریب تجربہ کر کے ساری دنیا کو حیرت میں ڈال دیا ہے۔ اس ڈاکٹر نے ایک مرتے ہوئے مریض کے سینے میں کسی انسان کے دل کی بجائے سور کا دل لگا کر اس کو کئی گھنٹوں تک زندہ رکھا۔ یعنی اس نے ثابت کر دیا کہ انسانی جسم میں جانوروں کے اعضاء بھی لگائے جاسکتے ہیں۔ اس کے بیان کے مطابق سور کا دل انسان کے دل سے بہت مشابہ ہوتا ہے اسی لیے وہ کئی گھنٹے اس انسان کو سور کے دل کے ذریعہ زندہ رکھنے میں کامیاب رہا۔ اسی ڈاکٹر کا خیال ہے کہ یہ پہلا تجربہ تھا مزید تجربات کے بعد وہ اس قابل ہو جائیں گے کہ کسی مرتے ہوئے انسان کے سینے میں سور کا دل لگا کر اس کو دس پانچ سال زندہ رکھ سکیں۔

اس تجربہ کی کامیابی کے بارے میں سن کر دل کی ایک نوجوان مریضہ نے کہا کہ وہ زندگی کے چند سال بھی حاصل کرنے کے لیے اپنے سینے میں سور کا دل لگوانے کو تیار ہے۔

سائنسداں رات دن انسانی بہبودی کے کاموں میں جٹے رہتے ہیں۔ نزلہ زکام ایک عام بیماری ہے جب زکام اپنے شباب پر ہوتا ہے تو کوئی خطرہ نہ ہونے کے باوجود انسان سخت تکلیف میں رہتا ہے اور دلچسپ بات یہ ہے کہ اس معمولی سے مرض کا آج تک کوئی علاج نہیں مل سکا۔ لیکن اب سائنسدانوں نے ایک ایسی دوا بنائی ہے جسے سونگھنے سے بند ناک چند گھنٹوں میں کھل جاتی ہے ساتھ ہی سانس لینے کی دشواریاں بھی ختم ہو جاتی ہیں یعنی وہ تکلیف جو کم از کم ایک ہفتہ پریشان رکھتی اس دوا کے سونگھنے سے چند گھنٹوں میں اتنی کم ہو جاتی ہے کہ انسان خود کو نارمل محسوس کرنے لگتا ہے۔

کسی شاعر کا ایک مصرعہ ہے کہ

"آنکھ والا تری قدرت کا تماشہ دیکھے"

سائنسداں آنکھ کا "کورنیا" بدل کر بہت سے اندھوں کو بینائی دے دیتے ہیں۔ آنکھ کے پیچھے کے پردے یعنی ریٹنا میں بنے سوراخوں کو جوڑ کر بینائی ٹھیک کر دیتے ہیں لیکن مستقل اندھی آنکھ کو بینائی نہیں دے سکتے۔ لیکن اب کچھ سائنسدانوں نے اس سلسلہ میں بھی ایک کامیاب تجربہ کر کے ثابت کر دیا ہے کہ سائنس سب کچھ کر سکتی ہے۔ ان سائنسدانوں نے ایک ایسے شخص کی آنکھ پر تجربہ کیا جو دس سال سے بالکل اندھا ہو چکا تھا کیونکہ اس کی آنکھوں کا دیکھنے والا پردہ یعنی ریٹینا بیکار ہو چکا تھا۔ سائنسدانوں نے کمپیوٹروں میں کام آنے والا جیسا ایک چپ (Chip) اس مریض کی آنکھ میں ریٹنا کی جگہ لگا دیا۔ پھر ایک ایسی عینک بنائی جو چپ کو سگنل بھیجتی ہے اور چپ روشنی کے سگنلوں کو برقی سگنلوں میں تبدیل کر کے دماغ کے ان نیورونز تک پہنچا دیتے ہیں جو دیکھ سکتے ہیں۔ یا دیکھنے کا عمل کرتے ہیں۔ ریٹینا بھی دراصل یہی کام کرتا ہے جب آنکھ میں روشنی داخل ہوتی ہے تو سامنے والی چیز کا عکس ریٹینا پر پڑتا ہے۔ اور ریٹینا اس عکس کو برقی سگنلوں میں تبدیل کر کے اعصاب کے ذریعہ دماغ کے بینائی کے مرکز تک پہنچا دیتا ہے۔ جس سے ہم اس چیز کو دیکھ پاتے ہیں۔ سائنسدانوں نے وہی کام چپ سے لیا۔ لیکن عکس کو چپ تک بھیجنے کے لیے ان کو عینک میں ایک مائیکرو کیمرہ لگانا پڑا۔ اس تجربہ کے بعد مریض نے خوش ہو کر بتایا کہ وہ دس سال بعد چیزوں کے عکس دیکھنے کے قابل ہو گیا ہے۔

اس پہلے تجربہ کی نصف کامیابی سے سائنسداں بہت خوش ہیں اور پُر یقین ہیں کہ وہ مستقبل قریب میں بالکل نابینا لوگوں کی آنکھوں کو بھی بینائی دے سکیں گے۔ •••

حاملہ عورتوں کی غذا

(قسط : 2)

پروفیسر متین فاطمہ

حاملہ عورت کی غذائی ضروریات پوری کرنے کے لیے سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ اسے متوازن غذا دی جائے جس میں دودھ، انڈا، گوشت، دالیں، اناج، پھل اور سبزیاں شامل ہونی چاہئیں۔

پھل اور سبزیاں جتنی زیادہ دی جائیں بہتر ہے۔ ان سے نمکیات اور حیاتین کی مطلوبہ مقدار مہیا ہوتی رہتی ہے اور دوسرے حاملہ عورت کو قبض کی شکایت نہیں ہونے پاتی۔ ذیل میں دیا ہوا چارٹ اس سلسلے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے:

دودھ یا دہی یا لسی : تقریباً 4 پیالی روزانہ

گوشت : 120 گرام روزانہ

انڈا کم از کم : 1 روزانہ

رس والے اور دیگر پھل : 240 گرام روزانہ

سبزیاں : سبز پتوں والی، زرد رنگ کی اور دیگر سبزیاں شامل ہونی چاہئیں اور ان کی مقدار 245 گرام ہو۔

اناج یا روٹی : 4 چپاتیاں، اس کے ساتھ ساتھ آدھی پیالی دلیا وغیرہ دینا بھی ضروری ہے۔

تیل گھی اور مکھن بھی مناسب مقدار میں روزانہ غذا میں ضرور شامل ہونا چاہئے۔

علاوہ ازیں وٹامن ڈی کے لیے مچھلی کا تیل وغیرہ دیں۔ جس سے 400 بین الاقوامی اکائی (4001 U) کی مقدار مل سکے۔

حاملہ، غیر حاملہ اور دودھ پلانے والی ماں کی غذائی ضروریات

روزانہ غذائی ضروریات

غذائی اجزاء	غیر حاملہ عورت	حاملہ عورت آخری دوران حمل	دودھ پلانے والی عورت
حرارے	2300	2600	2800
پروٹین	55 گرام	85 گرام	100 گرام
کیلشیم	0 8 گرام	1.05 گرام	2 گرام
لوہا	800 ملی گرام	1200 ملی گرام	1200 ملی گرام
وٹامن اے	5000 بین الاقوامی اکائی	6000 بین الاقوامی اکائی	8000 بین الاقوامی اکائی
وٹامن بی 1 (تھایامین)	1.1 ملی گرام	1.4 ملی گرام	1.5 ملی گرام
وٹامن بی 2 (رائبوفلیوین)	1.3 ملی گرام	1.6 ملی گرام	1 8 ملی گرام
نایاسین	14 ملی گرام	16 ملی گرام	19 ملی گرام
وٹامن سی	60 ملی گرام	80 ملی گرام	100 ملی گرام
وٹامن ڈی	400 بین الاقوامی اکائی	600 بین الاقوامی اکائی	600 بین الاقوامی اکائی

دی ہوئی جدول سے پتہ چلتا ہے کہ حاملہ عورت کو عام عورت کی نسبت 300 حرارے زیادہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کی مقدار عورت کے جسم کے وزن اور کام کاج کی مقدار پر بھی مبنی ہے۔ عام طور سے 300 سے 350 زائد حراروں کی مقدار حمل کے آخری دور میں بڑھا دینی چاہیے۔

دودھ کی مقدار بڑھانے سے عورت کو کیلشیم، فاسفورس

اور پروٹین خاصی مقدار میں حاصل ہو جاتی ہے۔

رس والے پھل، کچی سبزیوں سے وٹامن سی مل سکتا ہے۔

وٹامن اے سبز رنگ کے پتوں والی سبزیوں اور زرد رنگ کی سبزیوں سے حاصل ہو سکتا ہے، باقی تمام غذائی اجزاء بیان کردہ غذائی گروپ کے ملے جلے کھانے سے حاصل ہو جاتے ہیں۔

حاملہ عورت کے لیے ضروری ہے کہ زود ہضم غذائیں کھانے کے ساتھ ساتھ خوش وخرم رہے۔ وقت پر کھانا کھائے تاکہ اچھی طرح ہضم ہو جائے۔ غم، فکر، تشویش، اور سخت جسمانی کام سے پرہیز انتہائی ضروری ہے۔ اس کے علاوہ بعض عورتیں چاک مٹی، ودیگر اشیاء کھانے لگتی ہیں جو نقصان کا باعث بنتی ہیں۔

دودھ پلانے والی عورتیں

دودھ پلانے کے دوران زیادہ قوت اور توانائی کے لیے پروٹین، نمکیات اور حیاتین کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاکہ بچے کو پوری غذائیت مل سکے اور ماں کی صحت بھی برقرار رہے۔ اگر متوازن غذا ضروریات کے مطابق نہ ملے تو دودھ کم ہو جاتا ہے۔ دودھ کے لیے پروٹین کی زیادہ مقدار کھانی ضروری ہے۔ اس کے علاوہ چونکہ دودھ میں کیلشیم اور فاسفورس کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ لہٰذا ماں کی غذا میں بھی یہ نمک زیادہ ہونے ضروری ہیں۔ دودھ پلانے والی ماں کو از کم دن میں پانچ چھ پیالی دودھ پینا چاہیئے۔ دودھ پلانے والی ماں کو حیاتین اور نمک کی دوگنا مقدار کی ضرورت ہے۔ یہ سب جدول سے واضح ہے۔ دودھ پلانے والی ماں کے لیے غذا کے ساتھ ساتھ اچھے خوش وخرم ماحول کی بھی اشد ضرورت ہے۔ تکان، غم وفکر اور تشویش سے دودھ میں کمی ہو جاتی ہے۔ معدہ ہمیشہ ٹھیک رہنا چاہیئے۔ دودھ پلانے والی ماں کو پروٹین، نمکیات اور حیاتین کے علاوہ حراروں کی بھی زیادہ مقدار میں ضرورت ہوتی ہے۔ اگر ماں کی غذا میں حیاتین کم ہوں تو دودھ میں بھی کمی ہوگی۔ خاص طور پر وٹامن سی اور بی کمپلکس کی کمی کسی صورت میں بھی نہیں ہونی چاہیئے۔ بہتر یہ ہے کہ حمل کے دوران میں ہی ہونے والی ماں کیلشیم، فاسفورس اور چربی میں حل ہونے والی حیاتین کا بہت سا استعمال جاری رکھے تاکہ جسم میں ان کا ذخیرہ ہو جائے اور دودھ پلاتے وقت ان کی کمی واقع نہ ہو۔

دودھ پلانے والی ماں کی غذا اور حاملہ عورت کی غذا تقریباً یکساں ہے۔ سوائے اس کے کہ دودھ پلانے والی ماں کو حاملہ عورت سے بھی کچھ زیادہ ہی غذائی اجزاء کی ضرورت ہوتی ہے۔ جیسا کہ دی ہوئی جدول سے واضح ہے۔ حراروں کی ضرورت بھی دودھ پلانے والی ماں کو زیادہ ہوتی ہے۔ لہٰذا اس کی غذا میں اناج، روٹی، شکر اور گھی کی مقدار نسبتاً زیادہ ہونی چاہیئے۔ البتہ ان تمام غذاؤں کا زود ہضم ہونا بڑا ضروری ہے۔ دودھ بہترین غذا ہے۔ اس سے ماں اور بچے کی ہڈیوں میں طاقت آتی ہے۔ اس کے علاوہ سبزیاں، پھل، انڈے، گوشت، اناج، مکھن اور گھی وغیرہ ضرورت کے مطابق ضرور استعمال کرتے رہنا چاہیئے۔ اس بات کا خیال رکھنا لازمی ہے کہ ماں کا وزن اعتدال سے زیادہ نہ بڑھے اور نظام ہضم درست رہے۔ وٹامن ڈی (Vitamin-D) مچھلی کے تیل کے ذریعے خوراک میں شامل ہونا چاہیئے۔ آیوڈین کا نمک جہاں پر آیوڈین کی خوراک میں کمی ہے، دینا ضروری ہے۔

بعض اوقات مائیں مانع حمل دوائیں کھاتی ہیں جو کہ دودھ پلانے کے دوران ٹھیک نہیں ہیں۔ کیونکہ اس سے ایسٹروجین (Estrogen) اور پروجیسٹرون (Progestrone) ہارمون کی مقدار خون میں بڑھ جاتی ہے اور دودھ کی مقدار میں کمی آجاتی ہے۔ ●

بچوں میں نظم وضبط

قسط : 2

ڈاکٹر جاوید انور

قوت کا مظاہرہ کرنے والے بچے

آج کل کے بچوں میں یہ مظاہرہ اکثر دیکھنے میں آتا ہے۔ وہ اپنی بات پر شدت سے قائم رہتے ہیں اور اس میں انتہاؤں کو چھونے سے بھی گریز نہیں کرتے۔ ہو سکتا ہے کہ اسکول کے امتحانوں میں کم نمبر لینے والا بچہ والدین پر یہ ظاہر کرنے کی کوشش کر رہا ہو کہ اگر وہ پڑھنا نہیں چاہتا تو کوئی اسے زبردستی نہیں پڑھا سکتا۔ یا اگر آپ کی کوئی دھمکی اپنا کام دکھا گئی اور اس نے پڑھائی جاری رکھی تو ہو سکتا ہے وہ آپ کو کسی اور طریقہ سے پریشان رکھے، نشہ شروع کردے، رات کو دیر سے گھر آئے یا چوری چکاری کرنے لگے، اگر ایسا لگے کہ عام وارننگ یا جرمانہ اس کا طرز عمل تبدیل کرنے میں کامیاب نہیں ہوتا تو ایسے وقت میں والدین کا ہار مان لینا انتہائی ضروری ہے۔ کیا ہار ماننا آپ کے لیے مشکل ہے؟ تو سنیں۔ میں ان لوگوں کو جانتا ہوں جو اسکول سے بھگوڑے ہو گئے یا مجرموں کے کسی گروہ میں شامل ہو گئے یا کوئی غیر قانونی کام کرتے پکڑے گئے۔ کیونکہ وہ جانتے تھے کہ ان کی ان حرکتوں سے ماں باپ کو تکلیف پہنچے گی۔ لیکن بچہ تو ایسا کرے گا۔ اسے ماں باپ پر ثابت کرنا ہے کہ وہ جو چاہے کر سکتا ہے۔

لیکن آپ کہتے ہیں کہ "ہم والدین کو ہار کیوں مان لینی چاہیے؟" تو سنئے اس لیے کہ آپ اس سے جیت نہیں سکتے۔ بچہ بہر حال آپ سے زیادہ غبی ہے اور وہ جیتنے کی کوئی کوئی بھی قیمت ادا کر سکتا ہے۔ میں یا آپ اتنے بیوقوف بہر حال نہیں کہ صرف ایک نقطہ ثابت کرنے کے لیے اپنی زندگی اجیرن کرلیں لیکن بچہ ایسا کر سکتا ہے۔ اس لیے سینگوں پر لوہے کے پترے چڑھانے سے بہتر ہے کہ درج ذیل طریقے سے پیش آئیں اور پھر اسے دو میں سے ایک نتیجے، ایک رستے کے انتخاب کا موقع دیں۔

"دیکھو نورما۔ میں جا رہی ہوں۔ میرا خیال تھا کہ میں تمہارا کمرا صاف کر دوں لیکن اب مجھے علم ہوا کہ میں غلط سوچ رہی تھی۔ اگر تم کمرے کی صفائی نہیں چاہتیں تو نہ سہی۔ میں تم پر زبردستی نہیں کر سکتی۔ تو اگر تمہارے لیے ایسی گندگی میں رہنا اتنا ہی ضروری ہے تو رہو۔ لیکن ایک بات ہے۔ میں یا تمہارے پاپا لوگوں کی باتیں نہیں سن سکتے۔ سو میں تمہیں اپنی سہیلیوں کے ساتھ کمرے میں جانے کی اس وقت تک اجازت نہیں دوں گی جب تک کمرہ صاف نہ ہو گا۔ اور اگر تمہارے ساتھ تمہاری کوئی سہیلی گھر آئی اور تمہارا کمرہ صاف نہ ہوا تو میں اسے کہوں گی کہ وہ واپس چلی جائے۔ فیصلہ تمہیں کرنا ہے کہ تم صاف کمرے میں اپنی سہیلیوں کو بلاؤ یا گندے کمرے میں رہو۔"

غصے سے نبٹنا

بچوں کی غصہ دلانے والی حرکات پر ہم جس قدر زیادہ غصہ کھائیں گے ان حرکات کے جائز ہونے پر ان کا یقین اتنا ہی پختہ ہوگا۔ ان رویوں کا بہترین علاج یہ ہے کہ جس قدر ممکن ہو انھیں نظر انداز کیا جائے۔ اس سلسلے میں منطقی نتائج والا طریقہ استعمال کرنا چاہیے اور وقتاً فوقتاً انھیں یہ احساس دلاتے رہنا چاہیے کہ اگرچہ ان کا رویہ اچھا نہیں ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ برے ہیں۔ یہ بات ہمیشہ ذہن نشین رہنا چاہیے کہ ان کی ذہانت، علم یا شعور میں کوئی کمی ہے۔

بچہ جتنا زیادہ غلط ہو اس سے اتنا ہی زیادہ پیار کرنا چاہیے۔

پیار کے جواب میں کوئی بہت دیر تک غصہ نہیں دکھا سکتا۔ مطلب یہ نہیں کہ ماں باپ اس کے سرہانے بیٹھے رہیں اور وہ ان کا بھرتا بنادیں۔ ان کے پیچھے ہی نہ لگ جائیں بلکہ صرف یہ کہ ان سے اچھے طریقے سے پیش آئیں۔ پیار کے ساتھ سختی برقرار رکھنا ناممکن نہیں۔ عقلمند والدین کو ایسے موقع پر خود غور کرنا چاہیے کہ زیر نظر رویہ پر سختی ضروری ہے یا محض لاپروائی برتنے سے ہی کام بن جائے گا۔

ایسے بچے کا علاج جو اپنا نااہلی کو بطور صفائی پیش کرتا ہے

اسکول جانے سے پہلے بیمار ہونے کا بہانہ لگانا بڑا عام ہے اور تقریباً ہر گھر میں ایسا ہوتا ہے۔ اس بہانے کو مان لینے سے بچے کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے یوں آئندہ جب بھی اسے کوئی اہم کام سونپا جائے وہ اپنی کسی نااہلی کو بطور صفائی پیش کرتا ہے۔ اس کا بہتر علاج یہ ہے کہ اگر وہ کسی تکلیف کا بہانہ بنائے تو اس کا باقاعدہ علاج کیا جائے۔ اگر وہ پیٹ درد کا بہانہ بناتا ہے تو اس کو بیمار بچے کی طرح سارا دن بستر پر لٹایا جائے۔ اسے اس دوران اپنے یاروں دوستوں سے ملنے کی اجازت نہ دی جائے کیونکہ وہ تو بیمار ہے۔ اسے ٹی وی اور ریڈیو وغیرہ دیکھنے سننے سے بھی منع کیا جائے کیونکہ اسے مکمل آرام کی ضرورت ہے۔ یوں ایسے بچے کے لیے اس طرح کا ایک دن ہی کافی ہوگا۔

بعض بچے کسی بھی سوال کے جواب میں خوف یا کمزوری کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ والدین اپنے کو کسی نتیجے پر نہ پہنچنے سے قائل کرلیں گے۔ بعض اوقات اپنے اس عمل سے وہ ماں باپ کو شدید غصہ چڑھا دیتے ہیں۔ یوں غصے میں آئی ہوئی ماں یا باپ اپنا فیصلہ سنادیتے ہیں اور یہی وہ بچہ چاہ رہا ہوتا ہے۔

اس جال میں پھنسنے سے بچنے کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ اس کی خاموشی کا مطلب یہ کیا جائے کہ بچے کو اس چیز کی کوئی خواہش نہیں۔ مثلاً اس بات کے جواب میں کہ وہ اپنے دوستوں کی پارٹی پر جارہا ہے یا نہیں اگر وہ چپ رہے تو یہ سمجھا جائے کہ وہ نہیں جارہا اور اسے گھر رکھ جائے۔ کیا اس نے کچھ اور کھانا ہے، "چپ" اسے اور کچھ نہ دیا جائے۔

اس طرح بچے کو ذمہ داری اور فیصلے پر پہنچنے کی اہمیت کا احساس دلایا جاسکتا ہے۔ بچہ کسی کام کے غلط ہو جانے کے خوف کی وجہ سے وہ کام نہ کرنے میں حق بہ جانب ہوتا ہے۔ یوں اگر ماں باپ پر اس کا انحصار بڑھ جائے تو وہ ہمیشہ ڈرا ڈرا رہے گا۔ یاد رکھیں کہ زندگی غیر یقینی سے بھری ہے اور جلد ہی وہ خود ناکامیوں کا سامنا کرنا سیکھ لے گا۔

خلاصہ

1۔ اگر ممکن ہو سکے تو ہمیشہ اپنے جذبات کو قابو میں رکھیں۔

2۔ بچے کی دیکھ بھال میں شدت مت برتیں اپنے آپ کو اس پر حاوی مت کریں۔ ورنہ وہ باغی ہو جائے گا۔

3۔ اگر لوگوں کو مکمل آزادی دی جائے تو عام طور پر وہ بہتر فیصلہ ہی کرتے ہیں۔ شاید اس وجہ سے کہ وہ کئی غلط فیصلے کرچکے ہوتے ہیں۔ یوں بعض اوقات اس قسم کے فیصلوں کی بڑی قیمت ادا کرنی پڑتی ہے لیکن اس طرح تو ہوتا ہے۔●●●

پربھنی (مہاراشٹر) میں ہمارے تقسیم کار:
الرسالہ بک سینٹر
اقبال نگر۔ پربھنی۔431401

حیدرآباد کے گردونواح میں ماہنامہ "سائنس" کے تقسیم کار
شمس ایجنسی فون نمبر 4732386
5-3-831 گوشہ محل روڈ، حیدرآباد۔500012

بلیک ہول

قسط : 11

ڈاکٹر مظفر الدین فاروقی، شکاگو

احمر جمال ایک ماحولیاتی سائنسداں ہے جو انسانوں کے ہاتھوں ماحول کی تباہی پر فکرمند ہے۔اختر جمال ماحول دوست صنعت کار ہیں ان کا گروپ عوام میں بیداری لانے کے لیے "ارتھ ڈے" یعنی "یوم الارض" منانے کا فیصلہ کرتا ہے۔اس موقعہ پر عوام کو ماحولیاتی مسائل سے واقف کرنے کے لیے وہ لوگ ایک ویڈیو کیسٹ تیار کراتے ہیں اور میٹنگ کے دوران اسے دیکھتے ہیں۔

سین : 20

احمر جمال کا آفس: سین 15 کا سارا منظر دوبارہ دکھایا جاتا ہے۔عالم مجید ویڈیو پلیئر اور ٹی وی آف کر دیتے ہیں۔کرسیوں پر احمر جمال، فرحانہ جمال، ذیشان صدیقی، سرور ملک بیٹھے ہوئے ہیں۔عالم مجید ٹی وی آف کر کے کرسی پر بیٹھ جاتے ہیں۔ہر ایک کے سامنے چائے کی خالی پیالیاں رکھی ہوئی ہیں۔

احمر : بہت اچھے! Land Fill کا یہ رخ بہت دلچسپ ہے۔ لیکن کیمیکل ویسٹ جو زمین اور پانی دونوں کو بری طرح پولیوٹ کر رہا ہے اس پر بھی کچھ کام ہوا۔

ذیشان: ہمارا موضوع Land Fill کو واضح کرنا یا پولیوشن کی طرف اشارہ کرنا نہیں۔معدنی اور مصنوعی مرکبات سے بنی بنائی مصنوعات کو خواہ مخواہ ضائع کرنے کے نتیجے میں Land Fill اور پولیوشن کے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔مثال کے طور پر مغرب میں ہاتھ کی گھڑی خراب ہو جائے تو اسے پھینک کر دوسری خرید لی جاتی ہے۔کیونکہ نئی گھڑی کی قیمت سے زیادہ خراب شدہ گھڑی کی درستگی میں صرفہ آتا ہے۔

احمر : لیکن عالم مجید نے جو سروے کیا ہے اس سے یہ بات مکمل کر واضح نہیں ہوئی ہے۔

ذیشان: ان دونوں کا تعلق اس کتابچے سے سمجھ میں آتا ہے۔ فی الحال ہم نے اعداد و شمار جمع کر لیے ہیں۔دوسرے ارتھ ڈے کے موقع پر جو اعداد و شمار پیش کیے گئے تھے ان کی بنیاد پر اس صدی کے ختم کی صورت حال کا جائزہ لیا گیا تھا۔ہم نے وہ اعداد و شمار فرینڈس آف ارتھ کے کمپیوٹر سے حاصل کر لیے ہیں۔

فرحانہ : وہ اعداد و شمار یورپ اور امریکہ کے ہوں گے۔ہمارے ملک کے حالات کا اندازہ ان سے کیسے ہو سکتا ہے۔

ذیشان: خصوصاً امریکہ معدنی اور مصنوعی مرکبات کے بڑھتے ہوئے استعمال سے سخت پریشان ہے۔اس صدی کے ختم تک امریکہ کی آبادی دنیا کی آبادی کا 6 فیصد ہو جائے گی۔اور امریکہ دنیا کے 30 فیصد سے زائد قدرتی وسائل کا استعمال کرے گا اور ان معدنی ذخائر اور مصنوعی مرکبات کو اشیائے مایحتاج میں ڈھالنے کے لیے دنیا کی 40 فیصد سے زائد توانائی استعمال کرے گا۔اگر اشیائے مایحتاج کو ری سائیکل (Recyecle) کیا جائے تو قدرتی وسائل، معدنی اور مصنوعی مرکبات کی بچت ہو گی۔اور ری سائیکل کے لیے بہرحال کم انرجی استعمال کرنی پڑتی ہے۔ اعداد و شمار کے بہت سارے سلائیڈ اس کتابچے میں موجود ہیں۔آپ حضرات کچھ سلائیڈ دیکھ لیں پھر اندازہ ہو جائے گا کہ اس موضوع کو کس رخ سے پیش کرنا چاہیے۔عالم مجید صاحب آپ سلائیڈ پروجیکٹر آن کر دیں۔

سرور ملک اٹھ کر کمرے کی لائٹ آف کرتے ہیں اور عالم مجید سلائیڈ پروجیکٹر آن کر کے ایک آڈیو کیسٹ، کیسٹ پلیر میں رکھ کر اسے آن کرتے ہیں۔ اسکرین پر ایک روشن اسکوئیر پڑتا ہے۔ اور پہلی سلائیڈ اسکرین پر آتی اور ساتھ ہی آڈیو کیسٹ سے ذیشان صدیقی کی بیک گراؤنڈ کمینٹری سنائی دیتی ہے۔ سلائیڈ میں جو متن اسکرین پر ظاہر ہوتا ہے۔ اسی متن کو بذریعہ کمینٹری ٹھہر ٹھہر کر واضح انداز سے بیان کیا جاتا ہے۔

پہلی سلائیڈ

ذیشان کوڑا کرکٹ میں ضائع ہونے والے وسائل کو ری سائیکل کیا جائے تو قدرتی اور مصنوعی وسائل کی بچت ہوگی۔ معدنی تیل اور توانائی بچائی جاسکتی ہے۔ اور کوڑا کرکٹ کو ذخیرہ کرنے والی زمین کو بیکار ہونے سے بچایا جاسکتا ہے۔

دوسری سلائیڈ

ذیشان امریکن ہر سال 45 بلین ٹن المونیم کین اور 300 بلین ٹن کے شیشے کی بوتلیں اور مرتبان کوڑا کرکٹ میں پھینک رہے ہیں۔ اگر ان وسائل کو ری سائیکل کیا جائے تو ایکسن والڈیز (Exxan Valdez) میں جتنا معدنی تیل ضائع ہوا تھا اتنے حجم کے 390 آئل ٹینک بچائے جاسکتے ہیں معدنی تیل کی اس بچت سے اتنی توانائی حاصل کی جاسکتی ہے کہ شکاگو شہر کے لیے 2 سال تک بجلی فراہم کی جاسکتی ہے۔

تیسری سلائیڈ

ذیشان: امریکن ہر سال 24 بلین ٹن کاغذ ضائع کر رہے ہیں۔ اگر ایک ٹن کاغذ ری سائیکل پلپ (Pulp) سے تیار کیا جائے تو 17 درخت بچائے جاسکتے ہیں اور تقریباً 3 مکعب گز زمین لینڈ فل Land Fill ہونے سے بچ جائے گی۔

چوتھی سلائیڈ

ذیشان: کرہ ارض کا گرم ہونا، تیزابی بارشیں اور حادثات کی وجہ سے سطح سمندر پر معدنی تیل کی آمیزش جیسے گمبھیر مسائل، کوئلہ، معدنی تیل اور معدنی گیس کے استعمال میں غیر معمولی اضافہ کے نتائج ہیں۔

(سلائیڈ شو ختم ہوتا ہے۔ کمرہ میں روشنی پھیل جاتی ہے اور آڈیو کیسٹ خاموش ہو جاتا ہے)

عالم : مسز جمال! اب آپ سمجھ گئی ہوں گی کہ ہم نے اعداد و شمار کیوں جمع کیے ہیں۔

فرحانہ: جی ہاں! دنیا کی 6% آبادی دنیا کے 30 فیصد قدرتی وسائل اور 40 فیصد سے زائد انرجی استعمال کر رہی ہے۔

یشان: یہی تو اہم بات ہے۔ امریکہ تمام عالم کے لیے ماحولیاتی آلودگی کا بھیانک مسئلہ کھڑا کر رہا ہے۔

سرور : یورپی مشترکہ منڈی (European Common Market) اور پانچ بڑوں کی معاشی چوٹی کانفرنس (Economic Summit) کا مقصد ہی یہی ہے کہ دنیا کے قدرتی وسائل پر مغرب کی اجارہ داری مستحکم ہو جائے۔

عالم : امریکہ کے ملک التجار آسٹریلیا کے کنگارو تک خرید چکے ہیں۔

سرور : کنگارو ہی نہیں گھوڑے بھی۔ جن کا گوشت وہاں کے عوام کو کھلا کر اپنا بینک بیلنس بڑھا رہے ہیں۔

احمر گلف وار کیوں لڑی گئی۔ آنے والے سو سال تک گلف کے قدرتی وسائل امریکہ کے قبضے میں جا چکے ہیں۔

سرور : صاحبزادہ یعقوب علی خان کو امریکہ نے پیش کش کی تھی کہ وہ ہمارے ملک کی بیشتر غذائی ضرورت پوری کرنے کے لیے تیار ہے۔ (باقی صفحہ 30 پر)

املی

گوہر اسلام خاں

نیشنل بوٹینیکل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ، لکھنؤ

املی کا ذکر سنتے ہی بچپن کی یادیں تازہ ہو جاتی ہیں۔ جب پیڑ پر لٹکی ہوئی پھلیوں کو دیکھ کر منھ میں پانی بھر جاتا تھا۔ اور بس کسی بھی طرح سے املی حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی تھی۔ اس وقت اس بات کا رتی بھر بھی علم نہیں تھا کہ یہ للچانے والی املی کی پھلیاں کتنی ساری خوبیوں سے بھری ہوئی ہیں یہ نہ صرف ہماری زبان کا چٹخارہ ہیں بلکہ ملک کی صنعت و تجارت میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ املی (Tamarindus Indica Linn) ہندوستان کا بہت خاص اور مشہور درخت ہے یہاں کے علاوہ یہ فلوریڈا، یونان، ملیشیا، فارموسا، بنگلا دیش، سری لنکا اور برما (میانمار) میں بھی پایا جاتا ہے۔

املی کا گوند

صدیوں سے ہی گوند اور انسان کا رشتہ قائم ہے۔ من و سلویٰ جس پر حضرت انسان کی گزر بسر تھی وہ من (Mann) بھی دراصل میٹھی گوند نما شئے ہی تھی۔ آج کے اس ترقی یافتہ دور میں ایشیا، امریکا، افریقہ، یورپ غرض کہ ساری دنیا میں ہی گوند کا استعمال انسانی زندگی سے تعلق رکھنے والے ہر ایک شعبے میں گوند کی خصوصیات کی وجہ سے کیا جا رہا ہے۔ گوند کا پانی میں گھل کر گاڑھا بن جانا ہی اس کی سب سے بڑی خاصیت ہے۔ اس کی کئی دوسری خوبیاں سائزنگ (Sizing) ٹکسٹائل انڈسٹری میں، بائنڈنگ پراپرٹی کاغذ سازی میں، تھکننگ (Thickening) اور اسٹیبلائزنگ (Stabilizing) فوڈ اور زیبائشی مصنوعات (Cosmetics) میں، فریکچرنگ پراپرٹی (Farcturing) پیٹرولیم صنعت میں، بائنڈنگ پراپرٹی دواؤں کی گولیوں کیپسول کے خول بنانے میں۔ گاڑھا کرنے کی خاصیت روشنائی کی صنعت میں استعمال میں لائی جاتی ہیں۔ کچھ درختوں کے تنے سے ملی ہوئی گوند (Gum Exudates) اور کچھ بیج سے نکالے جانے والے گوند (Seed Gum) دونوں ہی طرح کے گوند مختلف صنعتوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ املی کا گوند بیج سے حاصل شدہ گوند زمرے کا ایک اہم رکن ہے۔

املی کا ٹریڈ نام ٹی۔ کے۔ پی (T K P) یا (Tamarind Kernel Powder) یا ٹی۔ جے (T J) یعنی (Tamarind Jelliose) ہے۔ ہندوستان ہی وہ واحد ملک ہے جو ٹی کے پی کو کمرشیل اسکیل پر تیار کرتا ہے۔ ہمارے ملک میں اس کا قریب بیس ہزار ٹن پاوڈر سالانہ تیار کیا جاتا ہے اور ہر سال اندازاً پندرہ ہزار ٹن املی کا گوند ہندوستان سے ایکسپورٹ کیا جاتا ہے۔

املی کے گوند یا ٹی کے پی کا سب سے زیادہ مقدار میں استعمال ٹکسٹائل انڈسٹری میں سائزنگ میٹریل کے طور پر کیا جاتا ہے۔ ٹی کے پی میں جیلوس (Jellose) نامی پالی سیکرائڈ (Polysaccharide) پایا جاتا ہے۔ ایک املی کے بیج میں یہ قریب ساٹھ فیصدی (60%) تک ہوتا ہے۔ جیلوس کے علاوہ اس میں پروٹین، فائبر (Fibre)، چکنائی، ٹینن (Tannin)، کچھ مقدار میں شکر اور نمکیات (Inorganic Salts) بھی پائے جاتے ہیں۔ املی کے بیج کو توڑ کر اس کا چھلکا اور کلا (Germ) الگ کر دیے جاتے ہیں۔ کرنیل (Kernel) والے حصے کو مختلف رفتار کی گرائنڈ مشینوں میں چلا کر الگ الگ گریڈ یعنی 200,150,100,50 نمبر کی چھلنیوں (Grades) میں چھان کر الگ کر لیا جاتا ہے۔ کپڑا بنتے وقت دھاگوں کی سائزنگ کرنے کی خاص وجہ ان پر ایک حفاظتی تہہ (Protretive Coating) ہوتی ہے۔ گوند کو پانی کے ساتھ ابالے جانے پر گوند کے

ہائیڈروکسل (-OH) گروپ پانی (H—O—H) کے ساتھ مل کر مالیکولر لنکیج (Molecular Linkage) یا گرویل (Gruel) بناتے ہیں جو سوکھ جانے پر پتلی، مضبوط، ٹھوس اور آپس میں دانے دانے سے جڑی ہوئی فلم (Film) بن جاتی ہے جس سے کہ کپڑا بنتے ہوئے دھاگوں پر جو کھینچا تانی ہونے سے زور پڑتا ہے اس کو ٹی کے پی کی مخصوص وسکوسٹی (Viscosity) والی فلم (Film) یا تہہ برداشت کر سکے اور کمزور نہ پڑنے پائے۔ دھاگوں کو اس طرح سائز کرنے سے کپڑوں میں وزن (Weightage)، خوبصورتی، دلکشی و دیرپائی (Durability)، چکناپن اور کڑاپن آجاتا ہے بھلے ہی کپڑا کم کوالٹی کا ہی کیوں نہ ہو۔

ٹیکسٹائل ملوں کے علاوہ کاغذ بنانے کے کارخانوں میں ٹی کے پی کا استعمال کاغذ کے جوڑنے کے لیے کیا جاتا ہے اس کے لیے املی کی گوند کو بورک ایسڈ کی خاص مقدار فینول (Phenol) ملے پانی کے ساتھ ابالا جاتا ہے۔ اس گھول سے بہت عمدہ قسم کا کاغذ تیار ہوتا ہے کیونکہ یہ کاغذ کی اچھی بائنڈنگ (Binding) کرتا ہے تاکہ سیاہی کاغذ پر نہ پھیلے۔ ادویات سازی میں املی کے گوند کا استعمال ٹکیاں (Pills) اور گولی (Tablet) کی بائنڈنگ کے لیے کیا جاتا ہے۔ کچھ مخصوص بغیر چکنائی والے مرہم (Greeseless Ointments) بنانے یا کولائی ڈل آیوڈین جیلی (Colloidal Iodine Jelly) کے بنانے میں یہ جیلنگ ایجنٹ (Gelling agent) کے بطور استعمال ہوتا ہے۔ کیڑے مار دوائیں بنانے کی صنعت میں بھی یہ کام میں لیا جاتا ہے۔ چمڑے کے کارخانوں میں یہ وزن دینے اور سائزنگ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ ربر لیٹکس (Rubber Latex) کے گاڑھے پن کو بڑھانے کے لیے یہ کریم ایجنٹ (Creaming agent) بطور کام میں لیا جاتا ہے اس کے علاوہ ٹی کے پی کا استعمال ماچس بنانے کے کارخانوں اور جوٹ کا سامان بنانے کے کارخانوں میں کافی بڑی مقدار میں کیا جاتا ہے۔

یہ تو رہی املی کے بیج کے گوند کی کاریگری۔ آیئے اب ایک نظر ڈالیں پھل پر۔ املی کے پھل میں شاید قدرتی طور پر ملنے والی نباتات میں سے سب سے زیادہ تیزاب پایا جاتا ہے۔ املی کے پھل میں بیج 33.9%، پلپ (Pulp) یا گودا 18.55% اور فائبر (Fibre) 11.1% پایا جاتا ہے۔ املی کا گودا سب سے زیادہ تیزابی (Acidic) ہوتا ہے۔ اس میں تیزاب 16-18% تک ہوتا ہے جس کی تیزابیت pH 3.15% ہوتی ہے۔ املی کے گودے میں کاربوہائیڈریٹ 67.4%، پروٹین 3.1%، نمی (Moisture) 20.9% اور ریشے (فائبر) 5.9% ہوتے ہیں۔ جبکہ کیلشیم 170، فاسفیٹ 110 اور لوہا 10.9 ملی گرام فی گرام پائے جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں اس میں وٹامن سی یا ایسکوربک ایسڈ 3 گرام فی سو گرام، رائبو فلیووِن (0.07%)، نیاسن 0.7%، ٹارٹارک ایسڈ (Tartaric acid) 8-10%، انورٹ شکر (Invert Sugar) 30-40%، جس میں گلوکوز 70% اور فریکٹوز 30% ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ پیکٹن (Pectin) اور پینٹوسان (Pentosan) بھی پائے جاتے ہیں۔ اس کے گودے کا استعمال بہت طریقوں سے کیا جاتا ہے۔ املی کا گودا ساس اور کئی طرح کے اچار چٹنیوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ہاتھ سے گوند کو یعنی بیج کو گودے سے الگ کر کے اس گودے کو شکر کے ساتھ ملا کر یوروپ وامریکہ کے مختلف ممالک کو کنفکشنری (Confectionary) کے بطور استعمال کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر بھیجا جاتا ہے۔ چونکہ اس کے گودے میں شکر اور تیزاب پائے جاتے ہیں اس وجہ سے اس کو مختلف اقسام کی چٹنی، اسکوائش و مشروب بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ املی کے گودے کا استعمال پرانے وقتوں سے ہی قبض کشا شربت (Laxative Drink) کے طور پر پیٹ کی تکالیف

دور کرنے کے لیے بھی کیا جاتا ہے۔ٹارٹارک تیزاب بھی اسی گودے سے نکالا جاتا ہے۔اس کے لیے بغیر پکی ہوئی پھلیوں کو ، جن کا رنگ ہرا ہی ہو، کشید کیا جاتا ہے کیونکہ اس حالت میں پھلیوں میں تیزاب آزاد حالت (Free Form) میں ہوتا ہے۔ چونکہ املی کے گودے میں پیکٹن (Pectin) بھی اچھی خاصی مقدار میں ملتا ہے، لہذا اس سے پیکٹن بھی حاصل کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ٹارٹریٹس (Tartrates) اور ایتھنول (Ethnol) بھی بنایا جاسکتا ہے۔جیلوس (Jellose) پھلوں کے پیکٹن کا بہت اچھا نعم البدل ہے۔

قدرت نے قریب قریب ہر پیڑ پودے میں ہی حضرت انسان کے لیے کچھ نہ کچھ فائدہ رکھا ہے اور یہ ہمارے ذمہ چھوڑ دیا ہے کہ ہم اس چیز پر غور وفکر کریں اس کی کھوج لگائیں۔ معلومات حاصل کریں اور اس سے پوراپورا فائدہ اٹھائیں۔ کبھی جب املی کی چٹنی، املی کا چورن،اس کا پیکٹن، اس کا پاؤڈر اپنی سبزیوں ،دالوں میں استعمال کریں تو املی کے پیڑ کے خالق کا شکریہ ادا کریں کہ اس نے اپنے انمول خزانوں میں سے ہمیں املی سے بھی نوازا ہے جس میں بیشمار ذاتی اور تجارتی فوائد پوشیدہ ہیں "تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ؟" (الرحمٰن)۔

بقیہ : بلیک ہول

فرحانہ : یوم الارض کے موضوع سے اس واقعہ کا کیا تعلق ہے۔

سرور : آپ ہی بتائیے مسز جمال ایک مخصوص اداریہ لکھنے کے دوسرے ہی دن آپ کے والد صاحب کو شہید کردیا گیا تھا۔

(سب لوگ اچانک خاموش ہوجاتے ہیں۔اور سارے ماحول پر ایک غم انگیز سنجیدگی طاری ہوجاتی ہے۔ فرحانہ جمال اور ذیشان صدیقی کی آنکھیں ڈبڈبا جاتی ہیں۔ احمر جمال کی پلکوں کے گوشے بھی نم دکھائی دیتے ہیں۔ فرحانہ جمال گفتگو کرنا چاہتی ہے۔ لیکن الفاظ زبان سے ادا نہیں ہوپاتے ہیں۔ ذیشان کی بھی تقریباً وہی حالت ہے۔ آخرش احمر جمال ہمت کرکے زبان کھولتے ہیں)

احمر : کھیتوں میں کام کرنے والے ہاتھوں کو اپاہج کرکے دنیا کے مرغزاروں پر قبضہ کرلیتا۔

(فرحانہ جمال آنکھوں میں تشکر بھرے جذبات کے ساتھ احمر جمال کی طرف دیکھتی ہیں۔ذیشان صدیقی نے اپنا چہرہ کیمرے سے پرے کرلیا ہے تاکہ ٹپکنے والے آبدار موتی اسی سرزمین میں جذب ہوجائیں اور کیمرے کی آنکھ انھیں محفوظ کرکے مردانہ ضبط کی تضحیک کا باعث نہ ہو۔(باقی آئندہ)

نقلی دواؤں سے ہوشیار رہیں
قابل اعتبار اور معیاری دواؤں کے تھوک وخردہ فروش
میڈیکیورا
ماڈل میڈیکیورا
1443 بازار چتلی قبر۔دہلی۔110006
فون : 3263107- 3270801

کھسکتے بر اعظم

محمد رشید الرحمن
کلٹی بردوان

جب زمین سورج سے الگ ہوئی تو وہ گرم گیسوں کا بنا ہوا ایک گولا تھی جو آہستہ آہستہ ٹھنڈا ہوا۔ اس کی سطح پر جو پپڑی پڑی اسے زمین کا پوست یا کرسٹ (Crust) کہتے ہیں۔ زمین کی یہ اوپر والی پرت چٹانوں کے بڑے بڑے ٹکڑوں سے مل کر بنی ہے جنھیں پلیٹ (Plate) کہتے ہیں۔ ان کی اوسط موٹائی 100 کیلو میٹر ہے۔ ہماری دُنیا چھ بڑی اور بیسیوں چھوٹی پلیٹوں میں منقسم ہے۔ یہ پلیٹیں متحرک ہیں جو مختلف سمتوں میں پگھلے ہوئے مادے کی اس پرت پر تیرتی رہتی ہیں جسے مینٹل (Mantle) کہتے ہیں۔ ان پلیٹوں کے تیرنے یا کھسکنے کی رفتار سالانہ ایک سینٹی میٹر سے لے کر پندرہ سینٹی میٹر تک ہے۔ ان پلیٹوں کے کھسکنے کی سمت تین طرح کی ہیں (1) ڈائیورجینس (Diver gence)، (2) کنورجینس (Conver Gence) اور (3) فرکشن (Friction) یعنی ایک دوسرے سے الگ ہونے کی سمت میں ہونا، ایک دوسرے کی طرف آنے کی حالت میں ہونا اور ایک دوسرے سے ٹکرانے کے بجائے قریب سے ہو کر گزر جانے کی حالت میں ہونا۔ ڈائیورجینس کی وجہ سے پگھلے ہوئے لاوے (Megma) کو اوپر آنے کا موقع ملتا ہے اور اس سے ایک نئی پلیٹ کی تعمیر ہوتی ہے۔ کنورجینس کی وجہ سے ایک پلیٹ کا کنارہ مڑ کر گہرائی میں برباد ہو جاتا ہے اس سے نئے پہاڑی سلسلوں کا آغاز ہوتا ہے جیسے راکیز (Rockies) اور انڈیز (Indies) وغیرہ فرکشن کے نتیجے میں قطعہ ارض پر کوئی تبدیلی رونما نہیں ہوتی۔ صرف دو پلیٹیں ایک دوسرے کے نزدیک ہو کر کھسک جاتی ہیں۔ چونکہ پلیٹیں متحرک ہیں لہٰذا جب یہ پلیٹیں کھسکتی ہیں تب ان کے اوپر قائم بر اعظم بھی کھسکتے ہیں۔ جب ایسی دو پلیٹیں آپس میں ٹکراتی ہیں جن پر بحر اعظم واقع ہیں تو ایک دوسرے کے سامنے والے کنارے نیچے داخل ہو جاتے ہیں جس سے سمندر کی تہہ میں کھائی پیدا ہو جاتی ہے۔ جب کسی جگہ پوست (اوپر والی پرت) کی چٹان پگھلے ہوئے مادّے میں ڈوب جاتی ہے تو اس کا مادّہ بھی گرم ہو کر پگھل جاتا ہے اور جب اس پر دباؤ بڑھتا ہے تو سمندر کی تہہ چٹخ جاتی ہے اور جا بجا پگھلا ہوا مادّہ سمندر کے نیچے سے ابل کر اوپر آتا ہے اور جوالا مکھی پہاڑوں کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ اگر اندر والا مادّہ ابل ابل کر عرصے تک اوپر آتا رہے تو سمندر کی تہہ میں چھپے ہوئے جوالا مکھی پہاڑ بڑھتے بڑھتے پانی کی سطح پر ابھر آتے ہیں اور جوالا مکھی پہاڑوں کی ایک کمان بن جاتی ہے۔ جزائر کیریبین (Caribbean Islands)، جزائر الیوشین (Aleutian Islands)، فلی پائین (Philippine) اور ایسٹ انڈیز (East Indies) کے جزیرے اسی طرح بنے تھے۔

جب ایسی پلیٹ جس پر بر اعظم واقع ہیں (اس کا بیشتر حصہ گرینائٹ جیسے ہلکے مادّے کا بنا ہوتا ہے) ایسی پلیٹ سے جا ملتی ہے جس پر بحر اعظم واقع ہیں (وہ بیسالٹ جیسے بھاری مادّے کی بنی ہوتی ہے) تو بری پلیٹ بحری پلیٹ پر چڑھ جاتی ہے۔ اس ٹکر سے بحری پلیٹ کی وہ چٹانیں جو سمندر کی تہہ میں کروڑوں سال تک دریاؤں سے بہہ کر آنے والی مٹی کے جمع ہونے سے بنی تھیں، کھرچ جاتی ہیں۔ ایسی صورت میں بری پلیٹ کے کنارے بحری پلیٹ کا کھرچا ہوا مادّہ سمٹ کر جمع ہونے لگتا ہے جس سے لہر نما پہاڑ (Folded Mountains) بن جاتے ہیں۔ جب بحری پلیٹ، بری پلیٹ کے نیچے چلی جاتی ہے تو وہ اوپر والی پلیٹ کے دباؤ سے زمین کے پگھلے ہوئے مادّے میں دھنس کر پگھلنے لگتی ہے، جس سے آگے چل کر جوالا مکھی پہاڑوں کے ایک نئے سلسلے کا آغاز ہوتا ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ دو ایسے بر اعظم ٹکراتے ہیں جن کا مادّہ یکساں ٹھوس ہوتا ہے ہذا ایک دوسرے

کے اوپر یا نیچے نہیں جاسکتا۔ نتیجتاً دونوں کے کناروں کا مادّہ اوپر اٹھ کر کٹے پھٹے پہاڑوں کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔

اندازہ کیا جاتا ہے کہ اب سے تقریباً 50 کروڑ سال پہلے سطح زمین پر صرف چار پلیٹیں تھیں جن میں سے تین پر خط استوا کے دونوں طرف تین براعظم واقع تھے، شمالی امریکہ، یورپ اور ایشیا (موجودہ براعظموں سے بہت چھوٹے)۔ زمین کے جنوبی نصف کرّے میں اور باقی براعظم ایک چوتھی پلیٹ میں سمائے ہوئے تھے۔

اب سے تقریباً 40 کروڑ سال پہلے شمالی اور جنوبی پلیٹیں ایک دوسرے کے قریب آنا شروع ہوئیں اور ان کے ملنے سے ایک بہت بڑا براعظم بن گیا۔ جس کا نام پین جیا (Pangea) رکھا گیا۔ پین جیا کو گھیرے ہوئے چاروں طرف بحراعظم تھے جنھیں پین تھالاسا (Panthalasa) کہا گیا۔ اب سے تقریباً 30 کروڑ سال پہلے مذکورہ وحد براعظم ٹوٹنا شروع ہوا اور اس کے دو حصے ہوگئے۔ زمین کے جنوبی نصف کرّے میں گونڈوانا لینڈ (Gondwana Land) وجود میں آیا جس میں جنوبی امریکہ، افریقہ، عرب، ہندوستان، آسٹریلیا، انڈونیشیا اور انٹارکٹیکا سمائے ہوئے تھے، گونڈوانا لینڈ کے مقابل شمال میں ایک دوسرا براعظم وجود میں آیا جس میں شمالی امریکہ، یورپ اور ایشیا شامل تھے۔ یہ سب کے سب گرین لینڈ کے گرد جمع تھے اس قطعہ ارض کا نام لوریشیا (Lurasia) رکھا گیا۔

اندازہ کیا جاتا ہے کہ اب سے تقریباً 25 کروڑ سال پہلے مذکورہ بالا دونوں براعظم ٹوٹنا اور سرکنا شروع ہوئے۔ شمالی امریکہ مغرب کی طرف چلا گیا یورپ اور ایشیا مشرق کی طرف کھسک گئے۔ افریقہ کا بیشتر حصہ اپنی جگہ برقرار رہا۔ جنوبی امریکہ مغرب کی طرف اور آسٹریلیا شمال کی طرف انٹارکٹیکا کا ساتھ چھوڑ کر چل دیئے۔ یہ سب اپنی اپنی جگہ سے آہستہ آہستہ کھسکتے رہے یہاں تک کہ براعظموں کی موجودہ صورت پیدا ہوئی۔

براعظموں کے ٹوٹنے اور سرکنے کا اثر زندگی کے ارتقا پر پڑا۔ جب الگ الگ براعظموں کی جگہ صرف ایک براعظم تھا تو جانور ایک سرے سے دوسرے سرے تک گھوم پھر سکتے تھے۔ اور ان کی نئی نئی قسمیں پیدا ہونے کے امکانات کم تھے لیکن جب واحد براعظم ٹوٹ گیا اور خشکی کے قطعے ایک دوسرے سے دور ہو کر مختلف آب و ہوا کے خطوں میں جا پہنچے تو وہاں کی آب و ہوا اور ماحول کے مطابق نئی نئی قسمیں وجود میں آگئیں مثلاً افریقہ میں ہاتھی اور شمالی امریکہ میں گھوڑے کی ابتدائی شکلیں نمودار ہوئیں۔ جنوبی امریکہ میں آرماڈلو (Armadillo) اور آسٹریلیا میں مارسوپیل (Marsupial) پیدا ہوئے یعنی وہ جانور جو اپنے بچوں کی پرورش اپنے پیٹ کے باہر تھیلی میں کرتے ہیں۔ ایسے جانوروں میں کنگارو سب سے مشہور ہے۔

براعظموں کا حال اور مستقبل

براعظموں کے کھسکنے یا سرکنے کا عمل اب بھی جاری ہے۔ براعظموں اور جزیروں کے باہمی فاصلے بدلتے رہتے ہیں۔ مثال کے طور پر آبنائے جبرالٹر وسیع ہو رہی ہے۔ پانچویں صدی قبل مسیح میں اس کی چوڑائی 900 گز تھی اس کے دو سو سال بعد وہ 5 میل ہوگئی۔ سن عیسوی کے آغاز میں اس کی چوڑائی 12 میل تھی اور اب 15 میل ہے۔ گزشتہ 2400 سال میں آبنائے جبرالٹر کی چوڑائی میں 1/2 14 میل کا اضافہ ہوا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یورپ اور افریقہ ایک دوسرے سے دور ہو رہے ہیں۔ بحر احمر (Redsea) سالانہ ایک سینٹی میٹر کی رفتار سے چوڑا ہو رہا ہے۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ افریقہ اور ایشیا بھی الگ ہو رہے ہیں۔ کیلی فورنیا شمالی امریکہ سے جدا ہو رہا ہے اور ہو سکتا ہے کہ وہ اس سے ٹوٹ کر جزیرہ بن جائے لیکن اگر ایسا ہوا بھی تو اس میں لاکھوں یا کروڑوں سال لگیں گے۔

براعظم اب بھی سرک رہے ہیں اور نہیں کہا جاسکتا کہ ان کی آئندہ صورت کیا ہوگی۔

مصنوعی منطق

قسط : 2

آفتاب احمد

بولے کاالجبرا(Boolean Algebra)

1854ء میں جارج بولے نے علم ریاضی اور منطق میں ایک مخصوص تعلق پیدا کرنے کی کوشش کی۔ اس وقت ماہرین ریاضی نے اس پر کوئی خاص توجہ نہیں دی اور بولے کی یہ ریسرچ کافی عرصہ تک یوں ہی پڑی رہی۔ لیکن 1938ء میں سی۔ای شینن(C E.Shannon) نے یہ ثابت کیا کہ بولے کا الجبرا برقیاتی سرکٹوں(Electronic Circuits) کو آسان کرنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ علم ریاضی کا معمولی الجبرا برقیاتی مسائل کو حل کرنے میں کار آمد نہیں ہے۔

معمولی الجبرا کچھ حالات میں غلط نتائج فراہم کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر ہم کہیں 1۔بلیاں جانور ہوتی ہیں 2۔کتے جانور ہوتے ہیں۔اگرہم بلیوں کوX، جانورکوY اورکتوں کوZ فرض کریں تو عام الجبرے کے حساب سے حسب ذیل مساوات ہونا چاہیئے۔

X=Y

Z=Y

اس لیے X=Z

یعنی بلّیاں=کتے، یادوسرے الفاظ میں بلیاں کتے ہوتے ہیں۔جو بالکل حماقت آمیز اور نا ممکن نتیجہ ہے۔

اس مثال سے صاف ظاہر ہے کہ مختلف خیالات اور بیانات کو ظاہر کرنے کے لیے معمولی الجبرا استعمال کرنے سے اکثر نا ممکن نتائج فراہم ہوتے ہیں۔ان خیالات کو ظاہر کرنے کے لیے بولے نے ایک مخصوص الجبرا معلوم کیا اور جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اسے بولے کاالجبرا کہا جاتا ہے۔ اس الجبرے کادارومدار دوعددی طریقے پر ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ کسی بھی بیان(Statement) کا نتیجہ دو منطق (Logic) پر منحصر ہوگا۔یا تو اس کا جواب 'ہاں' یا 'صحیح' ہوگا، یااس کاجواب 'نہیں' یا 'جھوٹا' ہوگا۔ علم ریاضی میں ہاں یا صحیح کو منطق 1 (Logic-1) سے اور 'نہیں' یا جھوٹے کو منطق0 (Logic-0) سے ظاہر کرسکتے ہیں۔کئی برقیاتی سرکٹ کو حل کرنے میں اگر ہم بولے کاالجبرا استعمال کرتے ہیں تو اس کو 'منطق' (Logic) کہتے ہیں۔

بولے کے الجبرے کے کچھ بنیادی اصول ہیں۔ جنہیں ہم ذیل میں بیان کررہے ہیں۔

1۔ بولے کے الجبرے کے حساب سے کسی مقدار کی دو ممکن قیمتوں میں سے صرف ایک ہی قیمت ہو سکتی ہے۔ یا تو یہ 1 ہوگی یا 0۔ اس کے علاوہ کوئی دوسری قیمت ممکن نہیں ہے۔

2۔ بولے کے الجبرے کے حساب سے ریاضی کی کچھ علامات معمولی الجبرے کے برخلاف مختلف معنی رکھتی ہیں۔ مثلاً

A B کے معنی ہیں A اور B نا کہ A ضرب B

اسی طرح A+B کے معنی ہیں A یا B نا کہ A اور B

$\bar{A}$ کے معنی 'A' نہیں یا A کے برعکس

3۔ بولے کے الجبرے میں علامت '=' کے معنی برابر ہونے کے نہیں ہوتے بلکہ یہ کسی سرکٹ میں برآمدی حصے کے موجود ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔

کسی برقیاتی سرکٹ میں اگر ایک حالت میں وولٹیج زیادہ مثبت ہے تو اس کو منطق 1 سے ظاہر کیاجاسکتا ہے۔ اس صورت میں دوسری حالت میں کم مثبت وولٹیج کو منطق 0 سے ظاہر کیاجائے گا۔اس طرح سے منطق ظاہر کرنے کے

طریقے کو مثبت منطق (Positive Logic) کہا جاتا ہے۔ کیونکہ دونوں حالتوں میں وولٹیج مثبت ہی رہتی ہے۔ صرف مقدار میں کمی اور زیادتی کا فرق ہے۔



Wafer, Chip and Gate

اس کے برعکس اگر برقیاتی سرکٹ میں زیادہ منفی وولٹیج کو منطق 1 اور کم منفی وولٹیج کو منطق 0 سے ظاہر کیا جائے تو یہ طریقہ "منفی منطق" (Negative Logic) کہلاتا ہے۔ ان دونوں طریقوں میں سے کوئی بھی طریقہ سرکٹ کی ضروریات کے مطابق استعمال کیا جاسکتا ہے۔

برقیاتی در (Electronic Gates)

کمپیوٹر کے پیچیدہ سرکٹ میں برقیاتی در یا گیٹ کا استعمال ہوتا ہے۔ کسی منطق کے عنصر کو "گیٹ" اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ جب کھلا ہوتا ہے تو تمام اطلاعات اس میں سے گزر کر ظاہر ہوسکتی ہیں اور اگر گیٹ بند ہے تو کوئی بھی اطلاع اس میں سے نہ گزرنے کے باعث فراہم نہیں ہوسکتی۔

کسی برقیاتی گیٹ میں دو عددی سگنل دے کر اس کو مختلف طریقے سے منفی کاموں کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ عددی سرکٹوں میں مختلف طریقوں کے گیٹ استعمال کیے جاتے ہیں۔ جن میں خاص حسب ذیل ہیں جو عام طور پر استعمال ہوتے ہیں:

1۔ اینڈ گیٹ (And-Gate)
2۔ آر گیٹ (Or-Gate)
3۔ ناٹ گیٹ (Not-Gate)
4۔ نینڈ گیٹ (Nand-Gate)
5۔ نار گیٹ (Nor-Gate)

1۔ اینڈ گیٹ (And-Gate)

اینڈ گیٹ کو سمجھنے کے لیے مندرجہ بالا دیئے گئے سرکٹوں پر غور کریں۔ اس سرکٹ میں ایک بلب کو بیٹری سے دو سوئچوں کے ذریعے جوڑا گیا ہے۔ دونوں سوئچ S_1 اور S_2 سرکٹ میں بالترتیب لگائے گئے ہیں۔ اس سرکٹ میں بلب جبھی روشن ہوگا جب دونوں سوئچ بند ہوں۔ اس میں سے اگر ایک بھی سوئچ کھلا ہوگا تو بلب میں کرنٹ نہیں پہنچے گا اور وہ نہیں جلے گا۔ اگر ہم سوئچ کے کھلے



(i) اینڈ گیٹ کو سمجھنے کے لیے بلب اور سوئچ کا سرکٹ

ہونے کو منطق 0 سے اور بند ہونے کو منطق 1 سے ظاہر کریں تو اس سرکٹ کے کام کرنے کا طریقہ حسب ذیل

طریقے سے ظاہر کیا جاسکتا ہے۔ جس کو سچا ٹیبل (Truth Table) کہتے ہیں۔

1	0	1	0	سوئچ S_1
1	1	0	0	سوئچ S_2
1	0	0	0	بلب

اس ٹیبل سے صاف ظاہر ہے جب دونوں سوئچ بند ہوں گے یعنی منطق 1 میں ہوں گے تبھی بلب روشن یعنی منطق 1 میں ہوگا جیساکہ ٹیبل کے آخری کالم میں دکھایا گیا ہے۔ اگر کوئی بھی سوئچ کھلا یا منطق 0 میں ہوگا تو بلب نہیں جلے گا۔ یعنی یہ منطق 0 میں ہوگا جیسا ٹیبل کے بقیہ کالموں میں دکھایا گیا ہے۔ اس سرکٹ کو بولے کے الجبرے میں اس طرح ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

$$B=S_1 . S_2$$

جس کا مطلب یہ ہے کہ S_1 اور S_2 جب دونوں سوئچ بند ہوں گے تبھی بلب B روشن ہوگا۔

حسب بالا مثال کی مدد سے ہم اینڈ گیٹ کو آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔ اینڈ گیٹ ایک ایسا برقیاتی سرکٹ ہے جس میں دو یا دو سے زیادہ درآمدی حصے اور ایک برآمدی حصہ ہوتا ہے۔ برآمدی حصہ منطق 1 پر جبھی ہوگا جب گیٹ کے تمام درآمدی حصے منطق 1 پر ہوں۔ اگر اس میں سے کوئی بھی منطق 0 پر ہوگا تو برآمدی حصہ منطق 0 پر ہی ہوگا۔

اینڈ گیٹ کی علامت مندرجہ ذیل شکل میں دکھائی گئی ہے اسی کے ساتھ اس کا سچا ٹیبل بھی دکھایا گیا ہے۔

علامت (Symbol)

	0	1	2	3
A	0	0	1	1
B	0	1	0	1
C	0	0	0	1

سچا ٹیبل (Truth Able)

(ii) اینڈ گیٹ کی علامت اور اس کا سچا ٹیبل

اس شکل سے ظاہر ہوتا ہے کہ جب دونوں درآمدی حصے A اور B منطق 1 میں ہوں گے تبھی برآمدی حصہ C منطق 1 میں ہوگا۔ دوسری صورتوں میں C منطق 0 پر ہی ہوگا۔

مثال کے طور پر اگر ہم ایک اینڈ گیٹ کے دو درآمدی حصوں میں 5+وولٹ اور 0 وولٹ دیں تو برآمدی حصہ میں 5+وولٹ صرف اسی حالت میں ہوگا جب دونوں درآمدی حصوں میں 5+وولٹ دیا گیا ہو۔ برخلاف اس کے اگر برآمدی حصہ میں 5+وولٹ اور دوسرے درآمدی حصہ میں 0 وولٹ دیں تو برآمدی حصہ میں 0 وولٹ حاصل ہوگا۔ (باقی آئندہ)

ممبئی میں "سائنس" کے تقسیم کار
مکتبہ جامعہ لمیٹڈ
پرنس بلڈنگ، ای۔ آر روڈ، جے جے ہسپتال،
ممبئی۔400003

معذرت

کچھ ناگزیر وجوہات کی بنا پر اس ماہ "سوال جواب" اور "سائنس کلب" کالم شائع نہیں ہورہے ہیں۔ انشاء اللہ اگلے ماہ سے یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

پروفیشنل منیجمنٹ بحیثیت ایک کیریئر

راشد نعمانی۔نئی دہلی

کچے مال سے انسانی ضرورت کی چیزیں یا سامان تیار کرنے کا سلسلہ اس وقت سے جاری ہے جب سے انسان نے گروہ اور فرقوں کی شکل میں رہنا شروع کیا۔ سماجی تنظیموں کی ترقی اور تیار کیے جانے والے سامان کی مانگ میں اضافے کی وجہ سے وقتاً فوقتاً نئے منیجمنٹ کے طریقے ظہور میں آتے رہے تاکہ مختلف ادوار کی ضرورتوں کو پورا کیا جاسکے۔

موجودہ انتظامی تکنیک دراصل صنعتی انقلاب کی دین ہے۔ بڑھتی ہوئی صنعتی ترقی کی وجہ سے معاشی اور سماجی قدروں میں بھی تبدیلیاں آئیں۔ مثال کے طور پر بہت سے ایسے کام جو اب تک ہاتھوں سے کیے جاتے تھے، ان کی جگہ مشینوں نے لے لی۔ اس طرح مختلف کامرشیل اسٹیبلشمنٹ کا قیام عمل میں آیا اور معاشی سرگرمیوں میں خاطر خواہ اضافہ ہوا اور رفتہ رفتہ روایتی منیجمنٹ کی جگہ سائنسی طریقے نے لے لی لہٰذا اس بات کی کوشش ہونے لگی کہ دستیاب ذرائع اور کچے مال کا زیادہ سے زیادہ مصرف ہوسکے۔

ہندوستان میں روایتی تجارت کے نظم کا دارومدار کافی حد تک ایک خاندان یا رشتے داروں پر رہا۔ تجارت پر یا تو شخصی مالکانہ اختیار ہوتا تھا یا پھر قریبی رشتہ داروں اور دوستوں کی حصے داری۔ تجارت کی زیادہ تر شروعات ان گھرانوں نے کی جو مالیات اور مارکیٹنگ سے جڑے ہوئے تھے یا پھر تکنیشین تھے۔ لیکن ان کی تجارت میں اضافے کے ساتھ ساتھ اس پیشے میں پیچیدگیاں آتی گئیں اور نت نئے مسائل بھی سامنے آئے۔ لہٰذا ان تجارت پیشہ لوگوں نے تجارت کے سبھی پہلوؤں سے جڑے ہوئے مسائل کو حل کرنے سے جب خود کو قاصر پایا تو انھوں نے اپنے کاروبار میں مارکیٹنگ، اکاؤنٹس اور دیگر میدانوں میں اسپیشسٹ کی مدد حاصل کرنا شروع کردی۔ ان اسپیشلسٹ کی ذمہ داری تھی کہ وہ اپنے اپنے شعبوں کے کام کی نگرانی کریں اور صنعتی اداروں کے مختلف شعبوں اور ان کی سرگرمیوں میں تال میل بھی قائم رکھیں۔ لیکن تجارت پر پورا کنٹرول اور انتظام خاندان کا ہی ہوتا تھا نہ کہ ان لوگوں کا جو منیجمنٹ کی پیشہ ورانہ مہارت رکھتے تھے۔ ان تمام تجارتی گھرانوں کے مالکان تجارت کی موجودہ باریکیوں، تکنیک اور دستور سے ناواقف تھے۔ ان کو تجارت میں تنظیم اور منصوبہ بندی کا تصور نہ کے برابر تھا۔ تجارتی فیصلے زیادہ سے زیادہ دولت کمانے کا محرک تھے۔ اپنے آجر (Smployer) کے تئیں ملازم کی وفاداری ہی ان کی ترقی کا ذریعہ تھی۔

وقت کے ساتھ ساتھ بڑے تجارتی گھرانوں کے کام کرنے کے طریقۂ کار میں تبدیلی آنا شروع ہوگئی۔ موجودہ منیجمنٹ کی تکنیک کے ساتھ ساتھ روایتی منیجمنٹ کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ پرانے طریقۂ کار میں بھروسے کے افراد خصوصاً رشتہ داروں کو اہم عہدوں پر رکھا جاتا تھا۔ اہم فیصلے کرنا ان کی ذمہ داری تھی لیکن وسطی سطح کے انتظام کے لیے منیجمنٹ کے میدان میں تربیت یافتہ افراد بھرتی کیے جانے لگے۔ اس طرح صدیوں پرانا روایتی نظام آہستہ آہستہ موجودہ منیجمنٹ کے نظریہ کو جگہ دینے لگا۔ نتیجتاً اب ملک کے بڑے تجارتی گھرانوں اور منیجمنٹ کو الگ الگ حصوں میں تقسیم کردیا اور منیجمنٹ کی ذمہ داری تربیت یافتہ منیجرس کے ہاتھ میں دے دی گئی۔ اس طرح یہ حقیقت تسلیم کرلی گئی کہ ایک تربیت یافتہ منیجر دستیاب ساز و سامان اور انسانی وسائل کے استعمال کا ایک موثر ذریعہ ہے۔

اب بزنس مینجمنٹ وراثت نہیں رہی۔ آج کا نوجوان منیجر اب مختلف سماجی و معاشی پس منظر اور تعلیمی میدانوں سے آرہا ہے۔ تربیت یافتہ منیجرس کی خدمات کی ضرورت اب سبھی معاشی صنعتی اور تجارتی اداروں کو پڑ رہی ہے۔

آزادی کے بعد ملک کی صنعتی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے اور اسے صحیح راستے پر لگانے کے لیے پنج سالہ منصوبے بنائے گئے۔ حکومت اور نجی تجارتی گھرانوں نے مختلف صنعتوں کی ترقی کے لیے کوششیں شروع کردیں۔ نئی نئی صنعتیں کھولی جانی لگیں۔ ان سبھی صنعتوں کو سائنٹفک طریقے سے چلانے کے لیے مختلف سطحوں پر تربیت یافتہ عملے کی ضرورت محسوس ہوئی۔

اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے 1949ء میں آل انڈیا کونسل آف ٹیکنیکل ایجوکیشن نے ایک ایکسپرٹ کمیٹی مقرر کی جس کے سپرد صنعتوں کے انتظام اور بزنس مینجمنٹ کی تعلیم و تربیت پر غور کرنے اور ان امور سے متعلق سفارشات دینے کی ذمہ داری سونپی گئی۔ کمیٹی کی سفارشات کے مدِنظر 1953ء میں بورڈ آف مینجمنٹ اسٹڈیز کا قیام عمل میں آیا۔ تاکہ یہ بورڈ مینجمنٹ کی تعلیم سے متعلق موزوں کورسیز شروع کرنے کے امکانات پر غور وخوض کرے۔ اس کے علاوہ 1958ء میں نیشنل پروڈکٹیوٹی کونسل کا قیام بھی عمل میں آیا۔ اس کونسل نے مینجمنٹ سے متعلق بہت سے سیمنار، سیمپوزیم اور کانفرنس کا انعقاد کیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ نجی تجارتی مالکوں نے منیجروں کے عملے اور مینجمنٹ کے مختلف پہلوؤں سے متعلق ادارہ جاتی تربیتی پروگرام میں دلچسپی لینی شروع کردی۔

حکومت ہند کی مدد سے 1957ء میں آل انڈیا مینجمنٹ ایسوسی ایشن (AIMA) کا قیام عمل میں آیا۔ اسے چوٹی کی تنظیم کی حیثیت حاصل ہے۔ AIMA کا قیام پیشہ ورانہ مینجمنٹ کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوا۔

بزنس مینجمنٹ تجارتی، کاروباری یا صنعتی سرگرمی کے بندوبست کا انتظام کا ایک باقاعدہ یا منظم طریقۂ کار ہے۔ آل انڈیا بورڈ آف ٹیکنیکل اسٹڈیز ان مینجمنٹ کے تحت منیجریل پرسونیل کمیٹی (Managerial Personnel Committee) کے چیئرمین ڈاکٹر راما سوامی مدالیار نے مینجمنٹ سے متعلق عملے کو دو واضح زمرے میں تقسیم کیا ہے۔ پہلا ٹیکنیکل مینجمنٹ ہے اس کے تحت پروڈکشن، ڈویلپمنٹ اور ٹرانسپورٹ مینجمنٹ آتے ہیں اور دوسرا نان ٹیکنیکل مینجمنٹ جو جنرل مینجمنٹ اور کمرشیل مینجمنٹ پر مشتمل ہیں۔ کمرشیل مینجمنٹ کا تعلق تقسیم کاری خرید و فروخت اور مالیاتی نظام سے ہے۔ اسی طرح جنرل مینجمنٹ آفس عملے، رابطہ عامہ اور عام انتظام سے متعلق ہے۔

پیشہ ورانہ مینجمنٹ کا بنیادی مقصد انسانی وسائل اور ساز وسامان کا زیادہ سے زیادہ اور بہتر استعمال ہے تاکہ منافع اور پیداوار میں اضافہ ہوسکے۔ کاروبار میں اضافے کے ساتھ ساتھ صنعتی اداروں کو مختلف سطحوں پر کام کرنے کے لیے تربیت یافتہ عملے کی مانگ بڑھی۔ اس مانگ کو پورا کرنے کے لیے تقریباً ملک کی سبھی یونیورسٹیوں، ان سے ملحق کالجوں اور نجی اداروں نے پوسٹ گریجویٹ کی سطح پر مینجمنٹ کے کورسیز کی شروعات کی۔ اب یہ کورس گریجویٹ کی سطح پر بھی پڑھایا جانے لگا ہے۔

مختلف تعلیمی استعداد و تجربے کی بنیاد پر نوجوانوں کے لیے مینجمنٹ کے میدان میں نچلی، وسطی سطح اور سینئر کادر کی بیشتر اسامیوں کے لیے مواقع ہیں۔

1۔ نچلی سطح کی اسامیاں:(Lower Level Jobs)

Executive Trainee(I)

یہ مینجمنٹ کی سب سے پہلی تقرری ہے۔ ان ٹرینیز کو انڈسٹری کے کسی بھی شعبے یا ڈویژن میں تربیت کے لیے مقرر کیا جاتا ہے جیسے اکاؤنٹس، خرید و فروخت، مارکیٹنگ، اسٹورس، فائنانس، پلاننگ وغیرہ۔ ٹریننگ کے دوران انھیں باری باری مختلف شعبوں میں تعینات کیا جاتا ہے تاکہ انھیں انڈسٹری کے پورے کام کاج کے بارے میں اچھی طرح سے سوجھ بوجھ ہوجائے اور وہ انڈسٹری کے کسی خاص

شعبے سے متعلق کام میں مہارت حاصل کر سکیں۔

: Management Trainee (II)

ان کی ٹریننگ لگ بھگ ایگزیکٹیو ٹرینیز کے انداز میں ہوتی ہے۔ چونکہ یہ تقرری سینئر سطح کی ہے اس لیے انھیں پالیسی، پلاننگ، انتظامیہ، تنظیم، کمپیوٹر ٹیکنالوجی، آپریشن ریسرچ وغیرہ کے بارے میں بھی تربیت دی جاتی ہے۔ ان کی تربیت کا انداز تنظیم کے کسی بااختیار عہدے جیسے مینجنگ یا ایگزیکٹیو ڈائرکٹر، چیف پرسونیل منیجر یا کنسلٹنٹ وغیرہ کا ہوتا ہے۔

: Junior Executive (III)

ان کو مختلف عہدوں سے جانا جاتا ہے۔ جیسے افسر برائے خرید و فروخت، اکاؤنٹس ایگزیکیوٹیو، لیبر، اسٹورس، عوامی رابطہ۔ ان کی تربیت اور کام ان کے عہدے کے مطابق ہوتا ہے۔

(2) وسطی سطح کے معاش (Middle Level careers)

Senior Exe cutive (I)

